لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 | بدھ 30 ستمبر 2026ء 1448ھ 17 ربیع الثانی 16 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 248
www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ○ (سورۃ البقرہ)

ہراسگی قانون کے تحت کارروائی کیلئے جنسی نوعیت کا عنصر ضروری ہے، آئینی عدالت

جنسی عنصر کے بغیر شکایت ہراسگی ایکٹ کے تحت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی، ادارہ نامناسب رویے پر اپنے سروس رولز کے تحت تادیبی کارروائی کرسکتا ہے

ہراسگی قانون کا مقصد خواتین اور مردوں کو کام کی جگہ پر جنسی ہراسگی سے تحفظ دینا ہے، جبکہ ہراسگی ایکٹ کا اطلاق عمومی نوعیت کی ہر شکایت پر نہیں کیا جاسکتا۔ وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ ہراسگی قانون کے تحت کارروائی کے لیے جنسی نوعیت کا عنصر ضروری ہے، ہر نامناسب یا ناپسندیدہ رویہ جنسی ہراسگی کے زمرے میں نہیں آتا۔ 18 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلے میں عدالت نے قرار دیا کہ جنسی عنصر کے بغیر شکایت ہراسگی ایکٹ کے تحت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی۔ ادارہ نامناسب رویے پر اپنے سروس رولز کے تحت تادیبی کارروائی کرسکتا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے بارلیز لندن کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 2.1 ارب ڈالر قسط کیلئے مذاکرات کا آغاز

یکم جولائی 2027 سے گیس سلیب ختم، یکساں ٹیرف کے نفاذ کی تیاری مکمل/ نئی پالیسی لاگو ہونے سے گھریلو صارفین کے نرخوں میں نمایاں اضافہ متوقع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرولیم ڈویژن نے یکم جولائی 2027 سے ملک بھر میں گیس کا یکساں ٹیرف نافذ کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے جس کیلئے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے باقاعدہ منظوری لی جائے گی۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق اس بڑے معاشی اقدام کے تحت حکومت موجودہ کراس سبسڈی کا نظام مکمل طور پر ختم کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ اس تبدیلی سے پیدا ہونے والے فرق کو پورا کرنے اور کم آمدن والے گھرانوں کو ریلیف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

ستھرا پنجاب پروگرام، قصور، فیصل آباد، اوکاڑہ کے ایم ڈیز عہدوں سے فارغ

وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں ستھرا پنجاب کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صفائی کی ناقص صورتحال سے متعلق شکایات پر پنجاب حکومت نے قصور، فیصل آباد اور اوکاڑہ کے مینیجنگ ڈائریکٹرز کو عہدوں سے ہٹادیا جبکہ ناقص کارکردگی پر ستھرا پنجاب سے ہٹائے جانے والے ایم ڈیز کو دیگر پوسٹنگ نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلی پنجاب مریم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

پاکستان نے حالیہ برسوں میں معیشت کو بہتر بنانے کیلئے بہت محنت کی ہے، 2 ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈ کا اجرا اس کا واضح ثبوت ہے، خطاب

وزیراعظم
خلیجی بحران پیدا نہ ہوتا تو ہم بہت آگے جا چکے ہوتے

وزیرِ اعظم شہباز شریف کی بین الاقوامی کاروباری شخصیات کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت، پاکستان کے معاشی اشاریے اوپر جا رہے ہیں، پاکستان سرمایہ کاری کے لیے موزوں جگہ ہے، شہباز شریف

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوتا تو ہم بہت آگے جاچکے ہوتے۔ لندن اسٹاک ایکسچینج کے دورے کے دوران شہباز شریف نے اوپن تقریب میں شرکت کی اور کہا کہ پاکستان کے معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ برسوں میں معیشت کو بہتر بنانے کیلئے بہت محنت کی ہے، 2 ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈ کا اجرا اس کا واضح ثبوت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوتا تو ہم بہت آگے جا چکے ہوتے، پاکستان میں حالیہ برسوں میں معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے بہت محنت کی۔ لندن اسٹاک ایکسچینج گروپ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

اہم خبریں

صدر اور وزیراعظم شہباز شریف کا بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد ریسکیو 1122 اور فائر بریگیڈ کیلئے 17 سال بعد 21 نئی جدید گاڑیاں کراچی پہنچ گئیں، وزیر داخلہ کا کراچی پورٹ کا دورہ اور جائزہ لیا

کراچی (بیورو رپورٹ) صوبائی دارالحکومت اسلام آباد میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی صلاحیت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے 17 سال بعد اسلام آباد ریسکیو 1122 اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

LONDON STOCK EXCHANGE

لندن: وزیراعظم شہباز شریف لندن سٹاک ایکسچینج تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

مبینہ والد کا براہ راست ڈی این اے موازنہ نہ ہو تو رپورٹ ولدیت کا حتمی ثبوت نہیں، سپریم کورٹ

براہ راست والدیت کے ڈی این اے ٹیسٹ میں بچے اور مبینہ والد کے جینیاتی نمونوں کا موازنہ کیا جاتا ہے، فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ مبینہ والد کا براہ راست ڈی این اے موازنہ نہ ہونے کی صورت میں کسی رشتہ دار کے ساتھ کیا گیا جینیاتی ٹیسٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

صدر آصف علی زرداری سے محسن نقوی کی ملاقات، مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے اہم ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

عطا اللہ تارڑ
افغانستان کے قابلِ قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں

افغانستان میں امن سے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا۔ افغانستان کی صورتحال ایک انتہائی پیچیدہ معاملہ ہے، دیرپا اور پائیدار حل کی ضرورت ہے

پاکستان نے افغانستان کے مسئلے کے حل کے لیے متعدد اعلیٰ سطحی وفود افغانستان بھیجے، افغانستان کے مسئلے پر استنبول اور دوحہ میں بھی مذاکرات ہوئے، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ افغانستان میں امن سے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، پاکستان کو غیر مستحکم کرنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد ہائیکورٹ کے نئے پروٹوکول آفس کا افتتاح

ایڈیشنل رجسٹرار نور محمد مرزا نئے پروٹوکول آفس کے انچارج ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ کے نئے پروٹوکول آفس کا افتتاح کردیا گیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر نے پروٹوکول آفس کا افتتاح (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی ملاقات کررہے ہیں

غیر ملکی خاتون سے مبینہ زیادتی کیس، ڈیانا کا دفعہ 164 کا بیان سامنے آ گیا، 13 ستمبر کو استنبول سے اسلام آباد پہنچی، پانچ روز فیصل آباد میں قیام کے بعد لاہور آ گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) مبینہ زیادتی کا شکار غیر ملکی خاتون ڈیانا کا دفعہ 164 کے تحت عدالت میں ریکارڈ کرایا گیا بیان سامنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

پاکستان تحریک انصاف کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار، ارکان اسمبلی کی جانب سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز وزیراعلیٰ نے مسترد کردی

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے لانگ مارچ ملتوی کرنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

NATIONAL FORENSIC

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

پولیس پر تشدد کا کیس: ایمان مزاری اور شوہر پر فرد جرم کی تاریخ مقرر

تھانہ کوہسار میں درج دوسرے مقدمے میں عدالت نے ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر نوٹس جاری کردیئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف پولیس پر تشدد کے کیس میں فرد جرم عائد کرنے کی تاریخ مقرر کردی گئی۔ انسداد دہشت گردی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

اپوزیشن رہنماؤں کی نیئر بخاری سے ملاقات، اے پی سی میں شرکت کی دعوت

آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے چیئرمین بلاول بھٹو سے بات کریں گے، نیئر حسین بخاری کا جواب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس، بیرسٹر گوہر اور دیگر نے سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نیئر بخاری سے ملاقات کی اور آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔ نیئر بخاری نے کہا کہ آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے چیئرمین بلاول بھٹو سے بات کریں گے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

یوسف رضا گیلانی
پاک چین دوستی باہمی احترام، اعتماد، امن اور ترقی کے مشترکہ عزم پر استوار ہے

کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں، چیئرمین سینیٹ

2026 میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہو رہے ہیں

قوفو (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی اعتماد، باہمی احترام، باہمی تعاون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

بجلی صارفین پر مزید بوجھ پڑنے کا امکان، فی یونٹ 1.73 روپے اضافے کی درخواست، سماعت مکمل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بجلی صارفین پر مزید بوجھ پڑنے کا امکان ہے، نیپرا نے فی یونٹ قیمت میں 1.73 روپے اضافے کی درخواست کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

فقط احتجاج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے، آئینی اور قانونی حق استعمال کرکے 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کریں گے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمارے پاس احتجاج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے، آئینی اور قانونی حق استعمال کر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے، ایف بی آر

گوشواروں میں تمام معلومات درست اور مکمل درج کی جائے، ترجمان کا بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس سال 2026 کے گوشوارے بروقت جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے، ٹیکس دہندگان ریٹرن فائل کرنے سے قبل اپنی آمدنی، اثاثوں، بینکنگ اور دیگر مالی لین دین کا ریکارڈ اچھی طرح چیک کریں اور گوشوارے میں تمام معلومات درست اور مکمل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

جعلی بینک اکاؤنٹ کیس، نیب کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جعلی بینک اکاؤنٹ کیس میں نیب نے احتساب عدالت کے 8 اکتوبر 2025 کے حکم کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

تمام صوبوں کو ریلوے وسائل تک مساوی رسائی اولین ترجیح ہے، محمد حنیف عباسی

تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی، کاؤنٹی جناح پیپلز ٹرین سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

ریلوے پاکستان کسی ایک شخص یا صوبے کا نہیں بلکہ تمام پاکستانیوں کا ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی، جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ کی ہیوسٹن میں صدر پاکستان امریکن کانگریس کی جانب سے خصوصی عشائیے میں شرکت

ہیوسٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے ہیوسٹن، ٹیکساس میں پاکستان امریکن کانگریس (PAC) کے صدر ڈاکٹر اشرف عباسی کی جانب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

بلوچستان اور کے پی میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 7 دہشتگرد ہلاک

فورسز کی بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سکیورٹی ذرائع

عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کرکے دم لیں گے، بیان

کوئٹہ / پشاور / راولپنڈی / اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 7 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

اسلحہ فیکٹری سے اسلحہ ضبط کرنے کے خلاف درخواست، محکمہ داخلہ سے رپورٹ طلب

چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے تفتیشی افسر کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار بھی کیا، سماعت 19 اکتوبر تک ملتوی

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائیکورٹ میں پولیس کی جانب سے اسلحہ فیکٹری سے اسلحہ ضبط کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے محکمہ داخلہ خیبر پختونخوا سے بھی رپورٹ طلب کرلی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے مقف اختیار کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

صحت مند دل، صحت مند پنجاب ہمارا عزم ہے' مریم نواز

دل کے امراض سے بچاؤ کیلئے احتیاط علاج سے بہتر ہے، طرزِ زندگی میں صحت مند تبدیلی ضروری ہے

پنجاب میں ہر ڈویژن میں سٹیٹ آف دی آرٹ کارڈیک سینٹرز قائم کیے جائیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ صحت مند دل، صحت مند پنجاب ہمارا عزم ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی یومِ قلب پر ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ یومِ قلب پر دل کے امراض سے بچاؤ کے عالمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ستھرا پنجاب سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہی ہے

وزیر خزانہ
حکومت کا یکساں گیس ٹیرف نافذ کرنے کا فیصلہ آئی ایم ایف سے منظوری لی جائیگی

وزیر خزانہ کی بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے مشن سے ابتدائی ملاقات، پالیسی اقدامات اور آئندہ جائزوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

ابتدائی ورچویل بات چیت میں وزیر مملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی، چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال اور وزارت خزانہ کے سینئر حکام بھی موجود تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے مشن سے منگل کو ابتدائی ملاقات کی۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کا مشن پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

یکم جولائی 2027 سے گیس سلیب ختم، یکساں ٹیرف کے نفاذ کی تیاری مکمل

صارفین کو 1708 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کے یکساں اوسط ٹیرف پر منتقل کیا جائے گا، منظوری آئی ایم ایف سے لی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرولیم ڈویژن نے یکم جولائی 2027 سے ملک بھر میں گیس کا یکساں ٹیرف نافذ کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے جس کیلئے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے باقاعدہ منظوری لی جائے گی۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق اس بڑے معاشی اقدام کے تحت حکومت موجودہ کراس سبسڈی کا نظام مکمل طور پر ختم کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ اس تبدیلی سے پیدا ہونے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

بیجنگ، پاکستانی سفارتخانہ میں یوم دفاع اور شہدا کی مناسبت سے تقریب، مسلح افواج کی قربانیوں اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانہ میں یوم دفاع اور شہدا کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

محسن نقوی کا آئی آئی چندریگر روڈ پر وزارت داخلہ کے دفتر کا دورہ، پاکستان کا سب سے بڑا خدمت مرکز کراچی میں قائم ہوگا، محسن نقوی

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کراچی میں آئی آئی چندریگر روڈ پر وزارت داخلہ کے دفتر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

منگولیا: وفاقی وزیر احسن اقبال سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

صحت صرف انتظامی نہیں، قومی سلامتی اور معیشت کا بھی اہم مسئلہ ہے، سید مصطفیٰ کمال

پاکستان میں بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث ہیلتھ کیئر سسٹم پر دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے

جس سے نمٹنے کے لیے بیماریوں کے علاج کے ساتھ ساتھ ان کی بنیادی وجوہات پر توجہ دینا ہوگی، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ صحت پاکستان کا صرف انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

اعظم نذیر تارڑ کا پی ٹی آئی کو سنجیدہ مذاکرات کا مشورہ

اگر حکم پر عملدرآمد میں کوئی کمی بیشی ہے تو اسے عدالت کو دیکھنا ہے، جلسے جلوس سے ایسا نہیں ہوگا، گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف کو سنجیدہ مذاکرات کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ چاہتے ہیں کہ جلسے جلوس اور شہروں پہ چڑھائی کر کے بانی کی رہائی کروائی جائے تو ایسا نہیں ہوسکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے پی ٹی آئی سے مذاکرات سے انکار نہیں کیا لیکن پی ٹی آئی مذاکرات میں اپنے لیڈر کی رہائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

پاکستان آرمی میڈیکل ٹیم کی دماغ کی کامیاب سرجری، نوجوان کی جان بچالی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان آرمی کی میڈیکل ٹیم نے دماغ کی کامیاب سرجری سے نوجوان کی جان بچا لی۔ پاک چائنا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

لانگ مارچ فوری ملتوی کیا جائے، شوکت یوسفزئی نے پارٹی چیئرمین کو خط لکھ دیا

ریاست سے ٹکراؤ کے بجائے مذاکرات کی راہ ہموار کی جائے، افغانستان سے ممکنہ حملہ ایمرجنسی کا جواز بن سکتا ہے، متن

عمران خان نے بھی ماضی میں ورکرز کی جانوں کے تحفظ کیلئے لانگ مارچ ختم کیا تھا، رہنما پی ٹی آئی

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے لانگ مارچ ملتوی کرنے کے لیے پارٹی قیادت کو خط لکھ دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شوکت یوسفزئی کی جانب سے پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر اور دیگر کو لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ ملک کے وسیع تر مفاد میں لانگ مارچ فوری ملتوی کیا جائے، بیرونی خطرات اور دہشتگردی میں اضافے کے پیش نظر احتجاج ملتوی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

بلاول بھٹو زرداری کا تحریک بحالی جمہوریت کے دوران گاؤں پنہل خان چانڈیو میں شہید ہونے والے 16 جیالوں کو خراجِ عقیدت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے تحریک بحالی جمہوریت کے دوران گاؤں پنہل خان چانڈیو میں شہید ہونے والے 16 جیالوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

Finance Minister Office
Power Division
Finance Division
Minister for Finance & Revenue
Bilal Kayani
Chairman FBR

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے مشن کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

میاں شہزاد منور صدر پنجاب ٹیچرز یونین ضلع قصور کی سربراہی میں ٹیچرز یونین کے وفد کی نئے تقرر ہونے والے ڈی ای او ایلیمنٹری قصور محمد امتیاز اعوان سے ملاقات

میاں شہزاد منور صدر پنجاب ٹیچرز یونین ضلع قصور کی سربراہی میں ٹیچرز یونین کے وفد کی نئے تقرر ہونے والے ڈی ای او ایلیمنٹری قصور محمد امتیاز اعوان سے ملاقات

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) محمد امتیاز اعوان اس سے قبل ضلع قصور میں بطور ڈی ای او سیکنڈری فرائض سرانجام دے چکے ہیں انتہائی محنتی، ایماندار اور فرض شناس آفیسر ہیں پرائمری اور ایلیمنٹری سکولوں کی بہتری کے لئے پرعزم ہیں انہوں نے بتایا کہ اکتوبر کے پہلے ہفتے 5 اکتوبر ورلڈ ٹیچرز ڈے کے موقع پر سال بھر شاندار کارکردگی، بہترین نتائج، نیا داخلہ، بہترین حاضری اور طلبا کی ریٹینشن کی بنیاد پر ضلع بھر سے بہترین اساتذہ کرام کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ہیرو ایوارڈ سے نوازا جائے گا اور اسناد دی جائیں گی امتیاز اعوان صاحب ایک متحرک اور اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان آفیسر ہیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

اوکاڑہ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی کا مختلف علاقوں کا دورہ، صفائی انتظامات کا جائزہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی نے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی کے انتظامات، ورکرز کی حاضری اور فیلڈ آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سارکو تحصیل مینیجر نعمان راشد سمیت دیگر فیلڈ افسران بھی موجود تھے مینجنگ ڈائریکٹر احمد سلیم چشتی نے مختلف علاقوں میں جاری صفائی آپریشن کا معائنہ کرتے ہوئے فیلڈ ٹیموں کو صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور تمام علاقوں میں صفائی کا تسلسل برقرار رکھنے کی ہدایات دیں انہوں نے بیٹ پلان کے مطابق ورکرز کی تعیناتی اور ہر ورکر کو مقررہ علاقے میں اپنی ذمہ داریاں مکمل کرنے پر بھی زور دیا انہوں نے ہدایت کی کہ تمام بیٹس میں صفائی کا عمل بیٹ پلان کے مطابق باقاعدگی سے جاری رکھا جائے ورکرز اپنی مقررہ حدود میں موجود رہیں اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

واساوزیرآباد کی ناقص ریکوری پر اعلیٰ حکام کی سرزنش کے بعد مبینہ طور پر ریکوری مہم میں تیزی، شہریوں کے گھروں کے برساتی پانی کے پائپ (پرنالے) بند کیے جانے لگے

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) واسا وزیرآباد کی ناقص ریکوری پر اعلیٰ حکام کی سرزنش کے بعد مبینہ طور پر ریکوری مہم میں تیزی، شہریوں کے گھروں کے برساتی پانی کے پائپ (پرنالے) بند کیے جانے کو تیز کرتے ہوئے بعض علاقوں میں گھروں کے برساتی پانی کے پائپ بند کرنے کا سلسلہ شروع کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جس پر شہریوں میں تشویش پائی جارہی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر جنرل لگے۔ بھاری واسا بلوں کی ادائیگی سے پریشان شہریوں نے اقدام کو شدید تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے باوجود شہریوں پر بھاری مالی بوجھ ڈالنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ تفصیلات کے مطابق واسا وزیرآباد کی ریکوری مہم پنجاب ریکوری محمد سلیم اختر نے ناقص ریکوری پر فنانس ڈائریکٹر وزیرآباد امان اللہ اور ایم ڈی علی حسنین کو ایک ماہ میں ریکوری بہتر بنانے کی ہدایت کی تھی، جس کے بعد ریکوری مہم میں سختی کی گئی۔ اہلیانِ وزیرآباد کا کہنا ہے کہ شہر کو وہ سہولیات میسر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)


SAY NO TO CORRUPTION
WATER AND SANITATION AGENCY

پتوکی شہر اور گردونواح میں اشیاء خوردونوش میں ملاوٹ انتہائی عروج پر پہنچ گئی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی شہر اور گردونواح میں اشیاء خوردونوش میں ملاوٹ انتہائی عروج پر پہنچ گئی۔ ڈسٹرکٹ فوڈ اتھارٹی اور لوکل انتظامیہ خواب خرگوش کے مزے لے کر سو گئی محکمہ فوڈ اتھارٹی کے افسران اور لوکل انتظامیہ محض کاغذی کارروائی میں مصروف عوام بہت سی بیماریوں کے گھیرے میں۔ تفصیلات کے مطابق اشیائے خوردونوش میں ملاوٹ اپنے عروج پر گئی۔ دودھ، دہی، گھی، چائے کی پتی، مصالحات جات، سرخ مرچ، بیسن اور دیگر چیزوں کا خالص ملنا ناممکن ہو چکا ہے۔ فوڈ اتھارٹی کے افسران اور لوکل انتظامیہ کاغذی کارروائیوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ خالص اشیاء کا ملنا ناممکن ہو چکا ہے۔ سب سے زیادہ ملاوٹ دودھ، دہی، گھی، چائے کی پتی، مصالحات جات، سرخ مرچ، بیسن میں کی جارہی ہے۔ مختلف علاقوں میں کھاد اور کیمیکلز وغیرہ دودھ، تیار کرنے کی فیکٹریوں میں دودھ کے نام پر کھلے عام صحت زہر فروخت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

اوکاڑہ نول پلاٹ اور گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو، بڑے گوشت کا ریٹ 1200 سے 1300 روپے کلو تک پہنچ گیا

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ نول پلاٹ اور گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو، بڑے گوشت کا ریٹ 1200 سے 1300 روپے کلو تک پہنچ گیا جبکہ سرکاری ریٹ سے دگنی قیمتوں پر سبزیوں اور پھلوں کی فروخت بڑی دھڑلے سے جاری، متعلقہ ادارے خاموش تماشائی تفصیلات کے مطابق نول پلاٹ اور گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا، بڑا گوشت 1200 سے 1300 روپے کلو تک فروخت ہونے لگا جبکہ سبزیوں اور پھلوں کی فروخت بھی سرکاری ریٹ سے تقریباً دگنی قیمتوں پر جاری ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار متعلقہ اداروں کو مہنگائی اور خودساختہ نرخوں کے حوالے سے یاددہانی کروائی جا چکی ہے، مگر اس کے باوجود مؤثر کارروائی دیکھنے میں نہیں آرہی اور متعلقہ ادارے خاموش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

محمد احسان، محمد شاہد، محمد عمران اور فوجی مدثر حسین کے والد اور مقامی صحافی حافظ محمد آصف کے والد کے ایصال ثواب کے لئے محفل منعقد

بچیکی (نامہ نگار) حضرت علامہ مولانا طیب جلالی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں اپنی عبادت کے لئے بھیجا ہے، دنیا اور آخرت کی زندگی میں کامیابی کے لئے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت بہت ضروری ہے، انسان دنیا کی زندگی کو غنیمت سمجھتے ہوئے آخرت کی تیاری کرے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نواحی گاؤں اڈہ بجلی گھر میں محمد احسان، محمد شاہد، محمد عمران اور فوجی مدثر حسین کے والد اور مقامی صحافی حافظ محمد آصف کے والد کے ایصال ثواب کے لئے منعقدہ محفل سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ دنیا کی زندگی عارضی جبکہ آخرت کی زندگی ہمیشہ کے لئے رہنے والی ہے، انسان کو دنیا کی مختصر زندگی میں ہمیشہ رہنے والی آخرت کی زندگی کو ہرگز نہیں بھولنا چاہئے، علماء کرام کی ذمہ داری ہے کہ وہ لوگوں میں آخرت کی فکر ڈالے اور انہیں باعمل مسلمان بننے کی ترغیب دیں، بعد ازاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

ساہیوال کے علاقے یوسف والا میں واقع امتیاز مال پر پیرا فورس اور محکمہ لائیوسٹاک کی مشترکہ کارروائی

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) اڈا یوسف والا میں واقع ساہیوال کے پہلے میگا شاپنگ سینٹر امتیاز مارٹ میں پیرا فورس اور محکمہ لائیوسٹاک کی مشترکہ کارروائی کے دوران مبینہ طور پر مضر صحت مٹن اور بیف گوشت سمیت بڑے جانوروں کے پائے برآمد ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بیورو چیف ساہیوال منیر ساجد ارائیں کی خبر کے مطابق پیرا فورس اور محکمہ لائیوسٹاک کی ٹیم نے اڈا یوسف والا میں واقع امتیاز مارٹ پر مشترکہ کارروائی کی کارروائی کے دوران ٹیم نے مٹن اور بیف کے گوشت کے علاوہ بڑے جانوروں کے پائے بھی قبضے میں لے لیے محکمہ لائیوسٹاک کے مطابق برآمد کیے گئے گوشت اور پائے کو معائنے کے بعد مضر صحت قرار دیا گیا، جس پر متعلقہ ٹیم نے گوشت اور پائے اپنی تحویل میں لے لیے ذرائع کے مطابق کارروائی کے بعد امتیاز مارٹ کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے تھانہ یوسف والا میں استغاثہ بھی جمع کروا دیا گیا تاہم معاملے میں مزید قانونی کارروائی متعلقہ پولیس اور مجاز حکام کی جانب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم (FOAS-e) کے حوالے سے تربیتی سیشن ڈی سی کمپلیکس بہاولنگر کے کمیٹی روم میں منعقد

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم (FOAS-e) کے حوالے سے تربیتی سیشن ڈی سی کمپلیکس بہاولنگر کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تمام سرکاری محکموں کے افسران واہلکاروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تربیتی سیشن میں شرکاء کو FOAS-e کے مختلف پہلوؤں، الیکٹرانک فائل کی تیاری، فائل کی آن لائن موومنٹ، پراسیسنگ، منظوری اور ڈیجیٹل ریکارڈ کو محفوظ رکھنے کے طریقہ کار کے حوالے سے تفصیلی تربیت فراہم کی گئی۔ شرکاء کو سسٹم کے عملی استعمال اور روزمرہ دفتری امور کو ڈیجیٹل طریقہ کار کے تحت انجام دینے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے کہا کہ سرکاری دفاتر میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

ایک شخص نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل جبکہ سابقہ اہلیہ کو شدید زخمی کر دیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ایک شخص نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل جبکہ سابقہ اہلیہ کو شدید زخمی کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ تھانہ واہنڈو کے موضع صائب کے ساجد کو اپنی اہلیہ تیئس سالہ چندا اور گاؤں کے چوبیس سالہ کاشف کے درمیان ناجائز تعلقات کا شبہ تھا جس کی وجہ سے میاں بیوی میں اکثر جھگڑا رہتا اور تین ماہ قبل چندا بی بی خلع لیکر اپنے میکے رہ رہی تھی۔ اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے دو افراد پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے دو افراد پکڑے گئے۔ گذشتہ روز صدر پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی او کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے، حبیب پورہ کے محمد نزاکت اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

معمولی تنازعہ پر تین افراد نے دو بھائیوں کو زبردست تشدد کا نشانہ بنادیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) معمولی تنازعہ پر تین افراد نے دو بھائیوں کو زبردست تشدد کا نشانہ بنادیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز نواحی گاؤں تمبولی کے امجد علی اور اُسکے بھائی آصف کو موضع ٹھرانوالی کے قریب روک کر یعقوب، زین علی اور اقبال نے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا۔ واہنڈو پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

" کرائم فری پنجاب " کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن " کرائم فری پنجاب " کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 15 ملزمان کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ نے تحصیل ہیڈ کوارٹر (ٹی ایچ کیو) ہسپتال کا دورہ کیا تاکہ طبی سہولیات اور علاج معالجات کے معیار کا جائزہ لیا جا سکے اس دورے کا مقصد بنیادی ادویات کی دستیابی ایمرجنسی سروسز طبی عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کرنا تھا تاکہ شہریوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف سخت اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد جواد حسین پیرزادہ

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے والوں کی اب خیر نہیں، ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف سخت اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد جواد حسین پیرزادہ نے واضح کیا ہے کہ فصلوں کی باقیات جلانے سے دھواں اور آلودگی پھیلانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ دیہات اور سڑکوں کے اطراف زرعی زمینوں میں فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے سے نہ صرف ماحول آلودہ ہوتا ہے بلکہ سڑکوں پر دھویں کے باعث حدِ نگاہ متاثر ہونے سے حادثات کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ ایسے سماج دشمن عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات پر کڑی نظر رکھی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) بلدیہ گراؤنڈ چشتیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد کرتے ہوئے

سی سی ڈی اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ، ایک زخمی حالت میں گرفتار

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) 26 ڈی سٹاپ کے قریب سی سی ڈی اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ۔ پولیس ذرائع کے مطابق سی سی ڈی ٹیم معمول کے گشت پر تھی کہ 3 مسلح ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھ کر فائرنگ شروع کر دی، جوابی فائرنگ میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار ڈاکو کی شناخت ڈاکٹر عامر عرف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ گذشتہ روز فیصل ٹاؤن کا چھبیس سالہ عامر موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں ہڑڑ روڈ کا چھیالیس سالہ تیمور، سلامت پورہ کا محمد بابر، پچاس سالہ محمد آصف، کسوکی روڈ کا اٹھارہ سالہ علی اور بلال پارک کا ستائیس سالہ محمد اظہر شدید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری اور نئی ترقیاتی سکیموں پر کام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ ہائی ویز، بلڈنگز، میونسپل کارپوریشنز، ضلع کونسل، ڈویلپمنٹ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال، کام کے معیار، فنڈز کے استعمال اور مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنی اپنی سکیموں پر ہونے والی پیش رفت اور درپیش مسائل بارے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے افسران کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی سکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور نئی سکیموں پر کام کے آغاز کے لیے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور رفتار کو ہر صورت یقینی بنانے پر زور دیا۔

پاک پتن 35 ویں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انعقاد پذیر ہونے جارہی ہے، حاجی محمد رفیق

پاکپتن (نامہ نگار) پاک پتن 35 ویں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم انعقاد پذیر ہونے جارہی ہے دو اکتوبر بروز جمعہ دن 12 بجے شاہ دہن سٹی ساہیوال میں منعقد ہوگی، بانی محفل حاجی محمد رفیق کے مطابق تلاوت کلام پاک کیلئے قاری محمد معین فخری نورپور سے تشریف لائیں گے نقابت محمد نوید چشتی کریں گے، پاکپتن نعت خواں ملک محمد وحید احمد فریدی، عمران فلک ہوں گے اور دیگر علماء کرام مشائخ عظام تشریف لا رہے ہیں محفل کی زیر صدارت وخصوصی آمد پیر طریقت رہبر شریعت صاحبزادہ پیر سید عمران شاہ ولی وفاقی وزیر و ایم این اے ساہیوال خصوصی آمد پیر طریقت رہبر شریعت صاحبزادہ پیر سید فخر نواب شاہ بخاری، خصوصی کاوش وبانی محفل جناب ڈاکٹر محمد رفیق اور تمامی احباب محفل پاک میں شرکت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اوکاڑہ۔ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول کا دورہ،

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ + شکیل احمد آصم سے) اوکاڑہ۔ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول کا دورہ، انہوں نے سکول میں تدریسی عمل کا معائنہ کیا اور تعلیمی معیار و سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ فروغِ تعلیم کے لیے جاری اقدامات کا سلسلہ بلاتعطل جاری رکھا جائے۔ انہوں نے معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے مانیٹرنگ کے مؤثر اور شفاف میکانزم پر زور دیا تاکہ تمام اساتذہ اور عملہ اپنے فرائض تندہی سے سرانجام دے سکیں۔ کلاس رومز میں سہولیات اور تدریسی عمل کا بھی معائنہ کیا اور طلبا کو حصول علم کے ساتھ ساتھ اپنی کیریئر بلڈنگ پر خصوصی فوکس کرنے کی تاکید کی۔ اس موقع پر انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں کی صرف نصابی تعلیم پر ہی توجہ نہ دیں بلکہ ان کی اخلاقی تربیت اور شخصیات کو نکھارنے میں بھی اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ طلبا کو چاہیے کہ وہ حصولِ علم کو محض پاس ہونے تک محدود نہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے جی ٹی روڈ پر قائم کیے جانے والے سہولت آن دی گو بازار کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا

چیچہ وطنی سے رپورٹ کررہے ہیں ہمارے کرائم رپورٹر عمران ندیم شاہ سے۔ اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے جی ٹی روڈ پر قائم کیے جانے والے سہولت آن دی گو بازار کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر جاری کام کا تفصیلی معائنہ کیا اور کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملہ وورکرز کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کو مزید تیز رفتاری سے جاری رکھتے ہوئے مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، جبکہ تعمیراتی معیار اور معیاری میٹریل کے استعمال پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ سہولت آن دی گو بازار پر کام تیزی سے جاری ہے اور منصوبے کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

مضر صحت اجزاء سے تیار کردہ نیمکو، چپس، سلانٹی اور مختلف اقسام کی کھانے پینے کی اشیاء کی گلی محلوں، بازاروں اور گردونواح میں مبینہ فروخت کا سلسلہ جاری

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) ناقص اور غیر معیاری تیل، مصالحہ جات اور دیگر مضر صحت اجزاء سے تیار کردہ نیمکو، چپس، سلانٹی اور مختلف اقسام کی کھانے پینے کی اشیاء کی گلی محلوں، بازاروں اور گردونواح میں مبینہ فروخت کا سلسلہ جاری ہے، جس پر شہریوں اور والدین میں شدید تشویش پائی جارہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کم قیمت اور غیر معیاری اشیاء کی فروخت کے باعث بالخصوص بچے اور بچیاں ان کا زیادہ استعمال کرتے ہیں، جس سے صحت کے مسائل پیدا ہونے کا خدشہ بڑھ رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق متعدد مقامات پر کھانے پینے کی اشیاء کھلے عام غیر مناسب حالات میں رکھی جاتی ہیں، جبکہ بعض مصنوعات کی تیاری میں استعمال ہونے والے تیل، مصالحہ جات اور دیگر اجزاء کے معیار کے حوالے سے بھی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ غیر معیاری اشیاء کے استعمال سے بچوں میں گلے کی خرابی، معدے کی تکالیف اور دیگر بیماریوں کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، تاہم ان مصنوعات کے معیار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

مجید امجد کی شاعری میں تنہائی، انسانی کرب اور فطرت سے محبت کا آفاقی پیغام ہے، مقررین

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب کونسل آف دی آرٹس ساہیوال ڈویژن کے زیراہتمام نامور شاعر مجید امجد کی شخصیت، فکر اور فن کے موضوع پر ادبی نشست منعقد ہوئی۔ پروفیسر سید ریاض حسین زیدی نے صدارت کی، جبکہ ممتاز اہلِ قلم، دانشوروں اور ادیبوں نے مجید امجد کے فکری و فنی سفر، شخصیت اور شاعری کے مختلف پہلوؤں پر اظہارِ خیال کیا۔ پروفیسر سید ریاض حسین زیدی نے اس موقع پر کہا کہ مجید امجد نے زندگی، انسان، فطرت اور معاشرتی رویوں کو اپنی شاعری میں منفرد شعری بصیرت کے ساتھ پیش کیا۔ ان کا کلام اپنے عہد کے مسائل کی عکاسی کے ساتھ انسانی احساسات کی گہری ترجمانی بھی کرتا ہے، یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری آج بھی تازگی اور معنویت رکھتی ہے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل ساہیوال محمد طارق اسماعیل نے مجید امجد کی شاعری میں تنہائی کے پہلو کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ مجید امجد کی تنہائی محض (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) کی بلدیہ گراؤنڈ چشتیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

بہاولنگر + چشتیاں (عبدالوحید بھٹی + بیورو چیف جنوبی پنجاب رانا محمد اشرف + تحصیل رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) کی بلدیہ گراؤنڈ چشتیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں عوام الناس کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فوری اور بلا تعطل فراہمی کے لیے ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین (PPM) نے آج بلدیہ گراؤنڈ چشتیاں میں ایک بڑی کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں ایس پی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

درجنوں افراد کا مبینہ شرپسند عناصر کے خلاف شدید احتجاج، اہل علاقہ نے مبینہ شرپسند پر منشیات فروشی کا الزام عائد کردیا

پاکپتن (نامہ نگار) درجنوں افراد کا مبینہ شرپسند عناصر کے خلاف شدید احتجاج، اہل علاقہ نے مبینہ شرپسند پر منشیات فروشی کا الزام عائد کر دیا، وزیراعلیٰ پنجاب و دیگر اعلیٰ حکام سے کارروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق تھانہ کلیانہ کے علاقہ بکھا کلالی جھگیاں کے رہائشی رانا فیاض جوئیہ گاؤں کے نمبردار اور اہل علاقہ نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ چند مبینہ شرپسند عناصر رانا بشارت، ذوالفقار بھٹو وغیرہ علاقے کے امن کو تباہ کرنا چاہتے ہیں، منشیات فروشی چوری اور دیگر جرائم سے روکنے پر شرفاء اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات مرکز	111-000-118
سوئی گیس شکایت مرکز	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی/بلڈ بینک	35417440

سمبڑیال آوارہ گائے سڑک پر کار اور موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی دو موٹر سائیکل سوار زخمی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) سمبڑیال آوارہ گائے سڑک پر کار اور موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی دو موٹر سائیکل سوار زخمی سمبڑیال سبزی منڈی کے سامنے آوارہ گائے اچانک کار اور موٹر سائیکل سے جاٹکرائی حادثے میں دو موٹر سائیکل سوار زخمی ہو گئے ایک کی ٹانگ جبکہ دوسرے کا بازو ٹوٹ گیا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے گائے بھی موقع پر ہی ہلاک ہوگئی ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی آوارہ جانوروں کا کھلے عام لاوارث گھومنا متعدد بار حادثات کا سبب بن چکا ہے سڑکوں پر ٹریفک میں دشواری راہگیروں کے لیے مشکلات معمول بن چکی ہیں اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سرکوں بازاروں میں آوارہ جانوروں کو ضبط کر کے مالکان کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے تاکہ ٹریفک کی رکاوٹ شہریوں کے لیے دشواری اور انسانی جانوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں ادویات کے معیار، دستیابی، میڈیکل سٹورز اور فارمیسیز کی چیکنگ، ڈرگ قوانین پر عملدرآمد اور اتائیوں کے خلاف جاری کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ اے ڈی سی غزالہ یاسین، ڈی ایچ او ڈاکٹر ناعیمہ اشرف، سیکرٹری کنٹرول بورڈ، ڈرگ انسپکٹرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف میڈیکل سٹورز اور فارمیسیز کی انسپیکشن، ادویات کے نمونہ جات، لائسنسنگ، غیر معیاری اور زائد المیعاد ادویات کی فروخت سمیت قوانین کی خلاف ورزی سے متعلق 16 کیسز کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کو فیلڈ میں جاری کارروائیوں اور زیرِ سماعت کیسز کے بارے میں بریفنگ دی۔

سابق صوبائی وزیر ملک اسد علی کھوکھر سے فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ کی خصوصی ملاقات

سابق صوبائی وزیر ملک اسد علی کھوکھر سے فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ کی خصوصی ملاقات

رائیونڈ (نمائندہ خصوصی) سابق صوبائی وزیر و ایم پی اے لاہور 160 جناب ملک اسد علی کھوکھر سے سابق صوبائی وزیر کے کوآرڈینیٹر فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ نے خصوصی ملاقات کی، ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس کے دوران فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ نے ملک اسد علی کھوکھر کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ نے سندھ کی ثقافت والا روایتی تحفہ اجرک اور سندھی کیپ بھی ملک اسد علی کھوکھر کو پیش کیا، ملک اسد علی کھوکھر نے عمرہ کی مبارکباد اور ثقافتی تحفہ پیش کرنے پر فیض الحسن صداقت عرف فیضی جٹ کا

کھچی والا مریم نواز ہسپتال میں ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹرز کی فوری تعیناتی کا مطالبہ

کھچی والا (نمائندہ خصوصی ظفر اقبال) کھچی والا اور گردونواح کے شہریوں نے حکومت پنجاب اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ RHC مریم نواز ہسپتال کھچی والا میں ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹرز کی خالی آسامیوں پر فوری تعیناتیاں کی جائیں تاکہ علاقے کے عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بڑی آبادی کے لیے بنیادی مرکزِ صحت انتہائی اہمیت رکھتا ہے، تاہم طبی عملے کی کمی کے باعث مریضوں، خصوصاً خواتین اور بچوں کو علاج معالجے کے لیے دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے، جس سے انہیں اضافی اخراجات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اہلِ علاقہ کھچی والا نے وزیرِ اعلیٰ پنجاب، سیکرٹری صحت اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ RHC مریم نواز ہسپتال کھچی والا میں ضرورت کے مطابق میڈیکل آفیسرز، لیڈی ڈاکٹرز اور دیگر ضروری طبی عملہ فوری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

پولیس نے مغوی بچے کو جدید ٹیکنالوجی اور CCTV کیمرہ جات کی مدد سے چند گھنٹوں میں ٹریس کر کے اس کے بھائی کے حوالے کر دیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) مسمی حمزہ ولد بشیر اطہر نے درخواست دی کہ اس کا بھائی مسمی محمد احمد بعمر 13 سال مورخہ 26/09/28 کو گھر سے مدرسہ پورب کلیئر پڑھنے کے لیے گیا اور اڈا بڈیانہ اتر کر کہیں چلا گیا ہے مدرسہ نہ پہنچا ہے۔ اور نہ ہی ابھی تک واپس گھر آیا ہے۔۔ جس پر فوری مقدمہ درج کر کے مغوی بچے کو جدید ٹیکنالوجی اور CCTV کیمرہ جات کی مدد سے چند گھنٹوں میں ٹریس کر کے اس کے بھائی کے حوالے کر دیا ہے۔ جو کہ خود ہی اپنی ہمشیرہ کے ڈھانٹنے کہ اس نے مدرسہ سے پانچ چھٹیاں کیوں کی ہیں لازمی مدرسہ جائے۔ لیکن وہ بڈیانہ سے خود ہی سبق یاد نہ ہونے کے ڈر سے کہیں چلا گیا تھا اور اس کوسووالی قصبہ سے ٹریس کر کے وارثان کے حوالے کر دیا گیا جو کہ بچہ نہ ملنے کی وجہ سے اس کے گھر والے پریشان ہوگئے تھے۔*

NADEEM
IRFAN
SHO

بھچوکی یار میں بااثر افراد کی محکمہ جنگلات کی اراضی پر قبضے کی مبینہ کوشش، ناکامی پر فاریسٹ انسپکٹر پر فائرنگ اور دو گھنٹے حبس بے جا میں رکھا

بچیکی (نامہ نگار) بھچوکی یار میں بااثر افراد کی محکمہ جنگلات کی اراضی پر قبضے کی مبینہ کوشش، ناکامی پر فاریسٹ انسپکٹر پر فائرنگ اور دو گھنٹے حبس بے جا میں رکھا، فاریسٹ انسپکٹر نے قانونی کارروائی کے لئے تحریری درخواست جمع کروادی تفصیلات کے مطابق محکمہ جنگلات میں تعینات فاریسٹ انسپکٹر وقاص عباس نے پولیس تھانہ منڈی فیض آباد میں دی گئی تحریری درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ چند روز قبل محکمہ جنگلات کی سرکاری زمین پر قبضے کی کوشش میں ناکامی کے بعد جبار بھٹی وغیرہ نے اس پر فائرنگ کی جس پر انہوں نے زمین پر لیٹ کر جان بچائی، وقاص عباس نے الزام لگایا کہ ملزمان نے اس سے موبائل فون چھین لیا اور اپنے ڈیرے پر دو گھنٹے ایک کمرے میں بند رکھا، اطلاع ملنے پر افسران محمد ندیم اور صفدر نے انہیں ملزمان کے قبضے سے چھڑایا، وقاص عباس نے ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کے لئے تحریری پر پولیس نے تفتیش شروع کردی۔

ڈسکہ کی حدود تھانہ بمبانوالہ کے گاؤں متراں والی میں شدید فائرنگ کا واقعہ پیش آیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈسکہ کی حدود تھانہ بمبانوالہ کے گاؤں متراں والی میں شدید فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس میں ذیشان بٹ پر قاتلانہ حملہ کر کے تین فائر مارے گئے ایف آئی آر کے مطابق اور مقامی معلومات کے تحت اس بزدلانہ کارروائی اور قتل کی سازش کے پیچھے آصف چیمہ (المعروف ماسٹر بٹو) اور اس کے مسلح ساتھی ملوث ہیں ملزمان نے سرعام فائرنگ کر کے شدید زخمی کیا اور موقع سے فرار ہوگئے ہماری سی سی ڈی اور پولیس نے گزشتہ دنوں میں بہترین کارروائیاں کر کے کرائم پر کافی حد تک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سی ای او بسم اللہ پروسیسنگ یونٹ چوہدری ذوالفقار علی آرائیں کو ایوارڈ دیا

بچیکی (نامہ نگار) بسم اللہ سیلہ پروسیسنگ یونٹ بچیکی کے لئے مسلسل دسویں مرتبہ بیسٹ رائس ایکسپورٹر ایوارڈ، چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سی ای او بسم اللہ پروسیسنگ یونٹ چوہدری ذوالفقار علی آرائیں کو ایوارڈ دیا، سماجی اور کاروباری حلقوں کی مبارکباد تفصیلات کے مطابق رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن پاکستان کے زیراہتمام کراچی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران بسم اللہ پروسیسنگ یونٹ بچیکی کو پچھلے سال بیس ارب روپے کا چاول ایکسپورٹ کرنے پر بیسٹ رائس ایکسپورٹر ایوارڈ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

Trade Industry

ہڑپہ اسٹیشن میں سڑک کنارے زیرِ تعمیر رکشہ اسٹینڈ پر شہریوں کے تحفظات نیشنل ہائی وے کی ملکیتی سڑک پر رکشہ اسٹینڈ بنانے کے منصوبہ سمجھ سے بالاتر، ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے نظرِ ثانی کا مطالبہ



ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) اندرون ہڑپہ اسٹیشن مین چوک کے قریب نیشنل ہائی وے کی ملکیتی سڑک کے کنارے زیرِ تعمیر رکشہ اسٹینڈ کے منصوبے پر شہریوں اور عوامی وسماجی حلقوں نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے منصوبے پر فوری نظرِ ثانی کا مطالبہ کیا ہے شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ سڑک کے قریب رکشہ اسٹینڈ قائم ہونے سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے بڑی گاڑیوں اور راہ گیروں کو مشکلات پیش آنے اور حادثات کے خدشات میں اضافہ ہوسکتا ہے عوامی حلقوں کے مطابق ضلع کونسل ساہیوال کی جانب سے مبینہ طور پر سڑک کے بیچ رکشہ اسٹینڈ قائم کرنے کا منصوبہ سمجھ سے بالاتر ہے، کیونکہ ایک طرف حکومت پنجاب کی جانب سے سرکاری اراضی اور سڑکوں سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں، جبکہ دوسری جانب ہڑپہ اسٹیشن سے گزرنے والی نیشنل ہائی وے کی ملکیتی سڑک پر رکشہ اسٹینڈ کے لیے لوہے کے اینگل نصب کیے جارہے ہیں شہریوں کا الزام ہے کہ منصوبے کی تکمیل کے بعد رکشہ اسٹینڈ ٹھیکیدار کے سپرد کیے جانے کی صورت میں سڑک پر رکشوں کی مستقل موجودگی سے ٹریفک کا دباؤ بڑھ سکتا ہے، جس کے نتیجے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

نجی شعبے کے تعاون سے قائم گنج شکر یونیورسٹی پاکپتن کا باقاعدہ افتتاح

ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) سے باضابطہ منظوری کے بعد پاکپتن میں نجی شعبے کے تعاون سے قائم گنجشکر یونیورسٹی پاکپتن کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) پاکپتن میں نجی شعبے کے تعاون سے قائم گنج شکر یونیورسٹی پاکپتن کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق ہائرایجوکیشن کمیشن (HEC) سے باضابطہ منظوری کے بعد پاکپتن میں نجی شعبے کے تعاون سے قائم گنجشکر یونیورسٹی پاکپتن کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا، یونیورسٹی کی تیاریاں گزشتہ کئی سالوں سے جاری تھیں اور بالآخر یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا، یونیورسٹی کی افتتاحی تقریب میں یونیورسٹی آف لاہور اور بابا فرید ٹرسٹ ایجوکیشن کے نمائندگان و عہدیداران، مقامی ارکان قومی و صوبائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے زیرانتظام فری آئی کیمپ لگایا گیا، 410مریضوں کا معائنہ، 40 آپریشن کے لیے منتخب

کوٹ رادھاکشن (نامہ نگار) کوٹ رادھاکشن المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے زیرانتظام فری آئی کیمپ لگایا گیا، 410 مریضوں کا معائنہ، 40 آپریشن کے لیے منتخب تفصیلات کے مطابق المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کوٹ رادھاکشن کے زیراہتمام اور المصطفیٰ ٹرسٹ پاکستان کے تعاون سے ایک روزہ فری آئی کیمپ لگایا گیا، جہاں ماہرڈاکٹروں نے 410 مریضوں کا مفت معائنہ کیا اور کیمپ کے دوران مستحق (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

فیصل آباد: کرسچن ایگل سپورٹس کلب کے زیرِ اہتمام لاسال ہائی سکول اینڈ کالج فیصل آباد میں ایک شاندار انٹر چرچز کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی کا ملتان سرکل کا تفصیلی دورہ

کرائم رپورٹر اسلام اباد (جمشید شفیق) ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی کا ملتان سرکل کا تفصیلی دورہ ایڈیشنل ڈائریکٹر ملتان سرکل اور دیگر سینئر افسران نے ڈی جی کا استقبال کیا اور سرکل کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی نے دفتر کے مختلف شعبہ جات، انویسٹی گیشن برانچ، رپورٹنگ سینٹر اور آئی ٹی لیب کا معائنہ کیا اور ریکارڈ کا جائزہ لیا۔

ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی کا ملتان سرکل کا تفصیلی دورہ

سعودی عرب کا ورک ویزا دلوانے کے نام پر شہری سے ساڑھے پانچ لاکھ روپے وصول کرنے والا مبینہ ملزم گرفتار

FIA
COMPOSITE CIRCLE
SAHIWAL
Combating Crime | Protecting Citizens | Ensuring Justice
INTEGRITY IN ACTION
PROFESSIONALISM OUR STRENGTH
SERVICE TO THE NATION
Stronger Together

شیر گڑھ (نامہ نگار) ایف آئی اے ساہیوال نے انسانی اسمگلنگ و امیگریشن سے متعلق مقدمے میں کارروائی کرتے ہوئے سعودی عرب کا ورک ویزا دلوانے کے نام پر شہری سے ساڑھے پانچ لاکھ روپے وصول کرنے والے مبینہ ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے فیصل آباد زون کی ہدایت اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے سرکل ساہیوال کی نگرانی میں کارروائی عمل میں لائی گئی۔ گرفتار ملزم کی شناخت محمد اقبال ولد عبدالجبار، سکنہ ڈاکخانہ چک نمبر L-9/150، تحصیل وضلع ساہیوال کے طور پر ہوئی ہے۔ حکام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

موضع مجو چک کے قریب خوفناک ٹریفک حادثے میں 45 سالہ خاتون موقع پر ہی جاں بحق

کاموکے (تحصیل رپورٹر) موضع مجو چک کے قریب خوفناک ٹریفک حادثے میں 45 سالہ خاتون موقع پر ہی جاں بحق جبکہ اس کا شوہر شدید زخمی ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ گوجرانوالہ کے علاقہ عوان چوک سے تعلق رکھنے والے میاں بیوی موٹر سائیکل پر شیخوپورہ ایک فوتگی میں شرکت کے لیے جا رہے تھے کہ مجو چک کے قریب سامنے سے آنے والی ٹویوٹا ہائی ایس گاڑی سے تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل بے قابو ہو کر پیچھے سے آنے والے آئل ٹینکر کے نیچے آگئی۔ حادثے کے نتیجے میں 45 سالہ فرزانہ بی بی زوجہ محمد ادریس موقع پر دم توڑ گئیں جبکہ 55 سالہ محمد ادریس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

حکومت وقت، پامرا کے زور زبردستی کے ٹیکسز، فنڈز موجود نہیں، پنجاب کا سب بڑے مالیاتی ادارے غلہ منڈیاں، کیسی مسیحا کی منتظر

عارف والہ (جاوید اقبال) حکومت وقت، پامرا کے زور زبردستی کے ٹیکسز، فنڈز موجود نہیں، پنجاب کا سب بڑے مالیاتی ادارے غلہ منڈیاں، کیسی مسیحا کی منتظر، تفصیل کے مطابق، 28 ستمبر کی صبح کی اندھی وطوفانی بارشیں نے غلہ منڈی عارف والہ کو ڈبو دیا، سبزی منڈی میں ہر جگہ پانی ہی پانی، کاروبار شدید متاثر ہوگئے کاروباری تاجر برادری انتہائی پریشان، کسانوں کو لکھوں کا نقصان ہو گیا، مال کی خرید وفروخت نہ ہو سکی، مون سون کی یاں موسمی بارشیں ہوتی ہیں، آندھی طوفان یاں طوفانی ہوائیں چلتی ہیں، کھڑی فصلیں تیار فصلیں کے وقت جب بارش شروع ہوتی ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

اوکاڑہ: میں جی ٹی روڈ کسان اڈہ نزد پارکو پمپ کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ: میں جی ٹی روڈ کسان اڈہ نزد پارکو پمپ کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع۔ تفصیلات کے مطابق ڈرائیور کو نیند آنے کی وجہ سے کار گرین بیلٹ سے سے ٹکرا گئی، حادثہ میں کار میں سوار 3 خواتین سمیت 6 افراد زخمی ہو گئے، جبکہ کار ڈرائیور کی ٹانگیں پھنس گئی، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا فوری ریسپانس، تمام زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی، طبی امداد کے بعد زخمیوں کو ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

کرسچن ایگل سپورٹس کلب کے زیرِ اہتمام لاسال ہائی سکول اینڈ کالج فیصل آباد میں ایک شاندار انٹر چرچز کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) کرسچن ایگل سپورٹس کلب کے زیرِ اہتمام لاسال ہائی سکول اینڈ کالج فیصل آباد میں ایک شاندار انٹر چرچز کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں انوائے آف کرائسٹ چرچ کے پاسٹر عارف گلزار، کرسچن ایگل سپورٹس کلب کے آرگنائزر سہیل گلزار اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اس ٹورنامنٹ کے چیف آرگنائزر سہیل گلزار اور آرگنائزر عارف گلزار تھے۔ ٹورنامنٹ کا کانٹے دار فائنل میچ جی وی ایم الیون اور لیمپ فیلوشپ کے درمیان کھیلا گیا، جس میں جی وی ایم الیون نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میدان مار لیا اور ٹرافی اپنے نام کر لی۔ فائنل میچ کے موقع پر مہمان خصوصی سینئر سردار خلیل طاہر سندھو اور سابق انٹرنیشنل کرکٹر ظہور الٰہی تھے۔ دیگر معزز مہمانوں میں سابق کونسلر شوکت مسیح، شہباز جٹ، ایلڈر سلیم، یوسف عدنان، فاروق ایوب، ارشد پرویز اور افضل محمود شاکر سمیت دیگر معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ٹورنامنٹ میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے مستند امپائرز قیصر بٹ اور محمد ابراہیم نے امپائرنگ کے فرائض سرانجام دیے، جبکہ معروف کمنٹیٹر محمد اخلاق (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

گورنمنٹ گرلز ہائیر سکینڈری سکول شیر گڑھ نے میٹرک کے بعد انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں بھی نمایاں نتائج حاصل کر کے علاقے میں تعلیمی میدان میں اپنی کامیابیوں کا سلسلہ برقرار رکھا

شیر گڑھ (نامہ نگار) گورنمنٹ گرلز ہائیر سکینڈری سکول شیر گڑھ نے میٹرک کے بعد انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں بھی نمایاں نتائج حاصل کر کے علاقے میں تعلیمی میدان میں اپنی کامیابیوں کا سلسلہ برقرار رکھا۔ ادارے کی پرنسپل محترمہ عابدہ علیم نے سینئر اساتذہ کرام محترمہ انیلہ اکبر اور محترمہ ڈاکٹر شاہدہ کے ہمراہ مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے قلم کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ طالبات کی کامیابی ان کی مسلسل محنت، اساتذہ کی بہترین تدریسی کاوشوں اور والدین کے تعاون کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شیر گڑھ میں طالبات کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی تربیت اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع بھی فراہم کیے جا رہے ہیں۔ اساتذہ کرام کی شبانہ روز محنت کے باعث طالبات نے میٹرک کے بعد انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، جو پورے علاقے کے لیے باعثِ فخر ہے۔ محترمہ عابدہ علیم نے مزید کہا کہ ہمارا مقصد صرف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

درخت لگانا وقت کی اہم ضرورت ہے، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک کو آلودگی سے پاک بنانے کیلئے درخت لگانا وقت کی اہم ضرورت ہے درخت نہ صرف ماحول کو خوبصورت بناتے ہیں بلکہ آکسیجن کی فراہمی ماحولیاتی توازن اور صحت مند زندگی کے لیے بھی انتہائی ضروری ہیں "درخت لگاؤ، جنت میں گھر بناؤ" کے پیغام کو عام کرتے ہوئے ہر شہری کو شجرکاری میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

بصیر پور کے سینئر صحافی میاں مختیار احمد وٹو کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں

شیر گڑھ (نامہ نگار) بصیر پور کے سینئر صحافی میاں مختیار احمد وٹو کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ مرحومہ کے انتقال پر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے زیر اہتمام تعزیتی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ و صدر پریس کلب عمران زاہد کھوکھر نے کی۔ تعزیتی اجلاس میں مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی اور مرحومہ کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی۔ اس موقع پر شرکاء نے سینئر صحافی میاں مختیار احمد وٹو سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ماں کا دنیا سے چلے جانا ایک ناقابلِ تلافی صدمہ ہے، اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ تعزیتی اجلاس میں راؤ عمران واجد ایڈووکیٹ، حاجی غلام یسین کھوکھر، حاجی عامر سجاد، سردار مہتاب احمد، عارف علی شاہین، ڈاکٹر طارق فقیر کھوکھر، حاجی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

پیار محبت امن اور بھائی چارہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، زاہد علوی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف سماجی رہنما یوسی اگو کی زاہد علوی نے کہا ہے کہ پیار محبت امن اور بھائی چارہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے دینی تعلیمات بھی ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ محبت اخوت احترام اور حسنِ سلوک سے پیش آنے کا درس دیتی ہیں معاشرے میں مثبت اور پُرامن ماحول کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور بھائی چارے کا رویہ اپنائیں۔

قائم مقام ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ حافظ خضر زمان کی روزمرہ کھلی کچہری شہریوں کی شکایات پر فوری نوٹس متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات انصاف کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

حجرہ شاہ مقیم (الٰہی بخش ڈولہ) قائم مقام ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ حافظ خضر زمان کی روزمرہ کھلی کچہری شہریوں کی شکایات پر فوری نوٹس متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات انصاف کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت تفصیلات کے مطابق قائم مقام ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ حافظ خضر زمان نے کمیونٹی لائزون ہال میں روزمرہ کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں ضلع کے مختلف علاقوں سے آنے والے شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں قائم مقام ڈی پی او نے شہریوں کی شکایات کو توجہ سے سنا اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے حافظ خضر زمان نے کہا کہ کھلی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

GOVT GIRLS HIGHER SECONDARY SCHOOL
SHERGARH DISTT OKARA

گورنمنٹ گرلز ہائیر سکینڈری سکول شیر گڑھ نے میٹرک کے بعد انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں بھی نمایاں نتائج حاصل کر کے علاقے میں تعلیمی میدان میں اپنی کامیابیوں کا سلسلہ برقرار رکھا

نور پور کا دیرینہ مسئلہ بابا بھورے والا قبرستان کی چاردیواری کی منظوری وزیراعلیٰ پنجاب نے دے دی ہے، سردار منصب علی ڈوگر

پاکپتن (نامہ نگار) ممبر صوبائی اسمبلی سردار منصب علی ڈوگر نے کہا کہ نور پور کا دیرینہ مسئلہ بابا بھورے والا قبرستان کی چاردیواری کی منظوری وزیراعلیٰ پنجاب نے دے دی ہے، نور پور ملکہ ہانس اور اہلیان پاکپتن کیلئے ذخیرہ ڈلوریام میں سفاری پارک کے جلد فنڈ جاری ہونگے نور پور اور رکھ ملکہ ہانس کے علاقوں میں درجنوں سڑکوں کے نئے منصوبے شروع کیے گئے ہیں، جن میں 59 ایس پی، چندوئی، چک ڈھولہ، چاہ نڈیاں والا، شیر شاہ پل سے رکھ ملکہ ہانس تک، جبکہ ذخیرہ ڈلوریام سے 90 ڈی سمیت مختلف علاقوں میں کارپٹ روڈز شامل ہیں، انہوں نے کہا کہ بعض منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ دیگر پر کام جاری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نور پور پریس کلب آمد کے موقع پر ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سینئر صحافی غلام حسین بھٹی چیئرمین نور پور پریس کلب میاں محمد خاں ہنجرا صدر عباس حسین (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

قائم مقام ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ حافظ خضر زمان کی روزمرہ کھلی کچہری شہریوں کی شکایات پر فوری نوٹس متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات انصاف کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

شورکوٹ۔ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں دل کے ڈاکٹر کی اشد ضرورت

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شورکوٹ

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) ضلع بناؤ تحریک کے چیئرمین عرفان ریاض بھٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ضلع جھنگ سے سب سے بڑی تحصیل شورکوٹ میں ہارٹ اسپیشلسٹ ڈاکٹر نہ ہونیکی وجہ سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ملتان اور فیصل آباد کے تقریباً درمیان میں یہ شہر کئی بار کارڈیالوجی ہسپتال منتقل کرنے سے پہلے رستے میں ہی مریض انتقال کر جاتے ہیں ہم نے پہلے بھی کئی مرتبہ وزیراعلیٰ پنجاب وزیر صحت سے گزارش کی ہے، ہم ایک مرتبہ پھر پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ شورکوٹ میں کارڈیک سنٹر کا قیام وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے، براہ مہربانی اسکا فوری نوٹس لیکر اسکا قیام یقینی بنایا جائے۔

مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہے، الحاج شیخ عابد حسین

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ ن کے بزرگ رہنما و صدر الشیخ ویلفیئر فاؤنڈیشن الحاج شیخ عابد حسین نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہے اور حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا کر عوام کو ریلیف دینے کے ساتھ ساتھ طویل المدتی ترقی کی بنیاد مضبوط کر رہی ہے۔ عوام نے ہمیشہ ترقی، استحکام اور خوشحالی کی سیاست کو پذیرائی دی ہے اور پاکستان مسلم لیگ (ن) بھی عوامی خدمت کے اسی سفر کو جاری رکھے گی مربوط حکمت عملی، مسلسل محنت اور موثر حکومتی اقدامات کے ذریعے پاکستان کو معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کی منزل تک پہنچانے اور میاں محمد نواز شریف کے پاکستان کو ایشین ٹائیگر بنانے کے وژن کی تکمیل کیلئے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے حکومت کے ساتھ ساتھ عوام کو بھی ملکی استحکام و ترقی کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا جب معاشرے میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 39)

کوٹ رادھا کشن: چوہدری محمد ایوب کمبوہ کی بطور ڈپٹی سیکرٹری پریس کلب تقرری پر پُروقار تقریب منعقد

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن: چوہدری محمد ایوب کمبوہ کی بطور ڈپٹی سیکرٹری پریس کلب تقرری پر پُروقار تقریب پریس کلب کوٹ رادھا کشن میں چوہدری محمد ایوب کمبوہ کے بطور ڈپٹی سیکرٹری منتخب ہونے کی خوشی میں ایک پُروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں صحافتی برادری اور معززین نے شرکت کی اور چوہدری محمد ایوب کمبوہ کو نئی ذمہ داری ملنے پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر چوہدری محمد ایوب کمبوہ کو مالائیں پہنا کر خوشی کا اظہار کیا گیا جبکہ شرکاء نے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں گے اور صحافتی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ تقریب میں سرپرست پریس کلب کوٹ رادھا کشن میاں خالد سیف اللہ، صدر پریس کلب شوکت رحمٰن خاں، سینئر نائب صدر چوہدری عارف ندیم خاں، نائب صدر چوہدری کاشف حمزہ، وقار عظیم ادیب، عرفان جٹ، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری حافظ خلیل الرحمٰن، محمد شریف بھٹی، علی رضا، رمضان چھینہ سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر آنے والے معزز مہمانوں کے اعزاز میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 44)

ڈسکہ شہر اور گردونواح میں صفائی کا نظام بدحال، گلی محلوں اور دیہات میں کچرے کے ڈھیر، شہری سراپا احتجاج

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر اور گردونواح میں صفائی کا نظام بدحال، گلی محلوں اور دیہات میں کچرے کے ڈھیر، شہری سراپا احتجاج بن گئے۔ ڈسکہ شہر اور گردونواح کے دیہات میں صفائی کی صورتحال بدستور ابتر، جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر مکھی مچھر اور تعفن کا باعث بننے لگے جبکہ شہریوں نے متعلقہ انتظامی افسروں کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیئے۔ شہریوں کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام کی کارکردگی فیلڈ میں دکھائی دینے کے بجائے زیادہ تر تصویری سرگرمیوں تک محدود نظر آ رہی ہے۔ شہریوں نے انتظامیہ کی فیلڈ مانیٹرنگ پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افسر کی مؤثر اور مسلسل نگرانی کے بغیر صفائی کا نظام کیسے بہتر ہو سکتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری تنخواہوں، مراعات اور دیگر سہولیات کا اصل جواز فیلڈ میں عملی کارکردگی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے محض رپورٹ یا تصویر نہیں۔ شہریوں نے کمشنر گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق اور اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر سے مطالبہ کیا کہ دیہی علاقوں کا فیلڈ معائنہ کر کے صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے اور غفلت ثابت ہونے پر ذمہ دار اہلکاروں سے جواب طلبی کی جائے۔

کوٹ جہانگیر اندھے قتل کا معمہ 24 گھنٹے میں حل تھانہ علی پور چٹھہ پولیس کی شاندار کارروائی، مبینہ ملزمان گرفتار، تفتیش کا دائرہ وسیع

SHO
AURANGZEB

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) تھانہ علی پور چٹھہ پولیس نے کوٹ جہانگیر میں ہونے والے اندھے قتل کے افسوسناک واقعہ کا معمہ 24 گھنٹے کے اندر حل کرتے ہوئے مبینہ ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ پولیس کی بروقت کارروائی اور پیشہ ورانہ تفتیش کو شہری و سماجی حلقوں کی جانب سے قابلِ تحسین قرار دیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ جہانگیر میں پیش آنے والے قتل کے واقعہ کے بعد تھانہ علی پور چٹھہ پولیس نے فوری طور پر تحقیقات کا آغاز کیا۔ ایس ایچ او غازی اورنگزیب، انچارج سکیورٹی رانا زکریا اور پولیس ٹیم نے پیشہ ورانہ انداز میں مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے شواہد اور دستیاب معلومات کی روشنی میں تفتیش کو آگے بڑھایا، جس کے نتیجے میں پولیس نے مبینہ ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ پولیس کی جانب سے قلیل وقت میں اہم پیش رفت سامنے آنے سے شہریوں میں اعتماد کی فضا مزید مضبوط ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور واقعہ کے محرکات سمیت دیگر حقائق سامنے لانے کے لیے تحقیقات کا سلسلہ جاری رکھا گیا ہے۔ علاقہ مکینوں اور عوامی و سماجی حلقوں نے ایس ایچ او غازی اورنگزیب، انچارج سکیورٹی رانا زکریا اور ان کی ٹیم کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم کے خلاف فوری اور مؤثر پولیس ایکشن شہریوں کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کے لیے نہایت اہم ہے۔ شہری حلقوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے تاکہ علاقے میں امن و امان کی فضا مزید مستحکم ہو۔

راجہ رنجیت سنگھ کے تاریخی گردوارے پر مبینہ قبضہ، بجلی کا میٹر برقرار، درخت بھی کاٹ دیے گئے، عمارت مسمار کیے جانے کا خدشہ!

لی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) راجہ رنجیت سنگھ کے تاریخی گردوارے پر مبینہ قبضہ، بجلی کا میٹر برقرار، درخت بھی کاٹ دیے گئے، عمارت مسمار کیے جانے کا خدشہ! علی پور چٹھہ میں تاریخی ورثے کی حفاظت پر سوالیہ نشان لگ گیا۔ راجہ رنجیت سنگھ سے منسوب تاریخی بارہ دری، گردوارے اور تالاب کی یادگاریں مٹنے کے قریب پہنچ گئیں۔ اطلاعات کے مطابق گردوارے پر مبینہ قبضے کے معاملے میں قابضین کے نام سے منسوب بجلی کا میٹر تاحال برقرار ہے، جبکہ تاریخی احاطے کے درخت بھی کاٹے جا چکے ہیں۔

سیالکوٹ: سید عنصر عباس شاہ کا یونین کونسل ظہورہ سے جنرل کونسلر کا الیکشن لڑنے کا اعلان



سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) سیالکوٹ: سید عنصر عباس شاہ کا یونین کونسل ظہورہ سے جنرل کونسلر کا الیکشن لڑنے کا اعلان سیالکوٹ: سیاسی و سماجی شخصیت سید عنصر عباس شاہ آف کوٹلی سید امیر نے آئندہ بلدیاتی انتخابات میں یونین کونسل ظہورہ سے جنرل کونسلر کی نشست پر الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا۔ سید عنصر عباس شاہ کا کہنا ہے کہ وہ عوامی مسائل کے حل، علاقے کی بنیادی سہولیات میں بہتری اور عوام کی مؤثر نمائندگی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام میں منتخب نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے مسائل کو متعلقہ فورمز تک پہنچائیں اور علاقے کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ یونین کونسل ظہورہ کے عوام سے رابطہ مہم کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور عوامی رائے اور تجاویز کو ترجیح دی جائے گی۔

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے تھانہ دولت نگر کی انسپیکشن کی

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے تھانہ دولت نگر کی انسپیکشن کی۔ اس موقع پر انہوں نے تھانہ کے مختلف شعبہ جات، ریکارڈ، صفائی ستھرائی، سکیورٹی انتظامات اور فرنٹ ڈیسک کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے تھانہ میں آئے ہوئے سائلین کے مسائل بھی سنے اور متعلقہ افسران کو ان کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہریوں کو بروقت انصاف اور بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، جبکہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، میرٹ اور قانون کے مطابق کارروائی کو ہرصورت مقدم رکھا جائے۔

چوہدری رفاقت حسین اور چوہدری مدبر غنی کے چھوٹے بھائی چوہدری مدثر غنی POEPA کی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن منتخب، ساتھیوں کی جانب سے مبارکباد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) چوہدری رفاقت حسین اور چوہدری مدبر غنی کے چھوٹے بھائی چوہدری مدثر غنی POEPA کی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن منتخب، ساتھیوں کی جانب سے مبارکباد پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن (POEPA) کے انتخابات برائے 2026-2028 میں چوہدری رفاقت حسین اور چوہدری مدبر غنی کے چھوٹے بھائی چوہدری مدثر غنی نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی (CEC) کی رکنیت حاصل کر لی۔ چوہدری مدثر غنی کی شاندار کامیابی پر چوہدری افضال شبیر، چوہدری احسن الطاف، عمر وحید شہری اور دیگر دوستوں نے انہیں دلی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ساتھیوں نے امید ظاہر کی کہ چوہدری مدثر غنی اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے POEPA، پاکستانی افرادی قوت اور اوورسیز ایمپلائمنٹ کے شعبے میں اپنا بھرپور اور مثبت کردار ادا کریں گے۔



اراضی ریکارڈ سنٹر کے اے ڈی ایل آر کی کارکردگی قابلِ ستائش ہے، میاں اعظم راجو

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) اراضی ریکارڈ سنٹر کے اے ڈی ایل آر کی کارکردگی قابلِ ستائش ہے، میاں اعظم راجو۔ کوٹ رادھا کشن سابق کونسلر میونسپل کمیٹی و صدر مرکزی تاجر اتحاد (رجسٹرڈ) میاں اعظم راجو نے نمائندہ خبریں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اراضی ریکارڈ سنٹر کوٹ رادھا کشن کے اے ڈی ایل آر بابر علی اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دیتے ہوئے عوام کو پنجاب لینڈ ریکارڈ مینجمنٹ سروسز کی فراہمی بلاتعطل یقینی بنا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ایمانداری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور انتھک محنت کے حامل افسر کی کسی بھی علاقے میں تعیناتی وہاں کے عوام کے لیے نعمت سے کم نہیں، عوامی امور کی انجام دہی میں ذمہ داری اور محنت کا مظاہرہ کر رہے ہیں، جو قابلِ تحسین ہے۔

حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لیتے ہوئے 26 کروڑ عوام کو ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنانا چاہیے چوہدری نعیم بلا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ایم پی اے پی پی 67 کاموکے کے سابق ٹکٹ ہولڈر چوہدری نعیم بلانے کہا ہے کہ وفاقی حکومت لیوی سمیت ظالمانہ ٹیکسز کا فوری خاتمہ کرے اور حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لیتے ہوئے 26 کروڑ عوام کو ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنانا چاہیے شہباز حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کر کے عوام پر مسلسل معاشی بمباری کر رہی ہے، آئی ایم ایف کی ایماء پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوامی معاشی قتل، عوام پر معاشی حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کرپشن اور بدعنوانی نے قومی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ سرکاری وسائل کی لوٹ مار اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے باعث عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ اس صورتحال کا خاتمہ صرف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 43)

رانا محمد حیات خان ایم این اے کی کامل صحت یابی کیلئے پریس کلب میں دعائیہ تقریب منعقد

شیر گڑھ (نامہ نگار) رانا محمد حیات خان ایم این اے کی کامل صحت یابی کیلئے پریس کلب میں دعائیہ تقریب منعقد؛ رپورٹ کیمطابق شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ، قائداعظم پریس کلب حجرہ، جناح پریس کلب چوک شاہ مقیم، بہاول شیر پریس کلب حجرہ، امید پریس کلب چوک شاہ مقیم، نیو حجرہ پریس کلب قلعہ سوندھا سنگھ، ہم خیال پریس کلب حجرہ، اتحاد پریس کلب رینالہ، جاوید نگر پریس کلب حبیب آباد، عوامی پریس کلب ڈھلیانہ، پاکستان پریس کلب راجوال، سمیت دیگر پریس کلبز کا مشترکہ ہنگامی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد ہوا اجلاس میں تمام تنظیمات کے عہدیداران نے شرکت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 40)

ملک منیر اقبال چنڑ کا الیکشن جیتنا مسلم لیگ پر عوامی اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے؛ سید عاشق حسین کرمانی، راؤ سعد اجمل

شیر گڑھ (نامہ نگار) ملک منیر اقبال چنڑ کا الیکشن جیتنا مسلم لیگ پر عوامی اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے؛ سید عاشق حسین کرمانی، راؤ سعد اجمل؛ تفصیلات کیمطابق مسلم لیگ ن کے راہنما راؤ سعد اجمل خان امیدوار برائے ایم این اے این اے 137، سید عاشق حسین شاہ کرمانی صوبائی منسٹر لائیوسٹاک وزراعت پنجاب نے شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ میں پرہجوم پریس کانفرنس میں کہا کہ ملک منیر اقبال چنڑ کا حلقہ NA168 سے بطور ایم این اے انتہائی بھاری اکثریت سے کامیابی عوام میں مسلم لیگ ن کی مقبولیت اور انکی پالیسیوں پر اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے باشعور عوام نے انتشار، لڑائی جھگڑا، بدتمیزی کی سیاست کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے ترقی، خوشحالی رواداری کی سیاست کو تھام لیا ہے انشاء اللہ ملک میں افراتفری پھیلانے والوں کو آمدہ بلدیاتی اور جنرل الیکشن میں بھی منہ کی کھانا پڑے گی اور آئندہ حکومت بھی مسلم لیگ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

تحریک انصاف ملک میں امن کی خواہاں اور جمہوری نظام کی پاسدار جماعت ہے، وقاص افتخار بٹ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف ڈسکہ کے نوجوان رہنما و ٹکٹ ہولڈر وقاص افتخار بٹ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف ملک میں امن کی خواہاں اور جمہوری نظام کی پاسدار جماعت ہے، عوام کے حقوق کے تحفظ و بحالی اور آئین کی پامالی کے خلاف آواز بلند کرنا جرم بن چکا ہے، آواز بلند کرنے والوں کے خلاف حکمران جماعت اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے ظلم وستم کا نظام رائج کر رکھا ہے اسکے باوجود بھی عوام اور کارکنوں کی آواز کو دبایا نہیں جا سکا انکے حوصلے بلند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر جماعت اور شہری کا بنیادی حق ہے رات کے اندھیرے میں چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے کارکنوں کی بلا جواز گرفتاریاں، پراپرٹی کو سیل کرنا، جسمانی تشدد کنٹینرز کھڑے کر کے راستے بند کرنا حق سے محروم کرنا اور چھینا غیر جمہوری ہے۔ جمہوری نظام کی بربادی اور پاسداری نہ کرنے والی قوتیں ہمیشہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 41)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سنیں۔ ڈی پی او نے درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر غزالہ یاسین کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر غزالہ یاسین کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں اشیائے خورد و نوش کی نئی قیمتوں کے تعین اور مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، مارکیٹ کے موجودہ نرخوں اور صارفین کو مقررہ نرخوں پر اشیاء کی فراہمی سے متعلق امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر شائستہ جبین، ای اے ڈی اے نازیہ فرید، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی عامر الیاس، متعلقہ محکموں کے افسران اور تاجر نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی طلب و رسد، ہول سیل و ریٹیل نرخوں اور قیمتوں کے تعین کے حوالے سے شرکاء سے تجاویز بھی لی گئیں۔

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اوکاڑہ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر نواز شریف سکول آف ایکسیلنس کا دورہ کرتے ہوئے

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

بلوچستان اور پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 7 دہشتگرد ہلاک

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، جہاں ضلع چاغی کیعلاقے نوکچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کے نتیجے میں 2 دہشتگرد جہنم واصل ہوگئے۔ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نینوکچہ میں خالی واٹر باوزر کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد این 40 شاہراہ کے مختلف مقامات پر آتشزدگی کی کارروائیوں میں بھی ملوث تھے۔ واضح رہے کہ 31 اگست کو بھی اسی نوعیت کی تخریبی کارروائیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے 11 دہشت گرد مارے گئے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز کی بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب عزم استحکام وژن کے تحت سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کیخلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں، جہاں باڑہ کے علاقے میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگرد جہنم واصل ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق جہنم واصل ہونے والے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد ہوا ہے، جبکہ سیکیورٹی فورسز کی بھرپور کارروائی کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے۔ سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمیاور پائیدارامن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ جبکہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے پس پردہ الیگل اسپیکٹرم اور کرائم ٹیرر نیکسس کے معاملے نے صوبائی حکومت کی گورننس پر سنگین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ صوبہ کے پی کے اس وقت دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے جس کی بنیادی وجہ نیشنل ایکشن پلان پر من وعن عملدرآمد نہ ہونا ہے۔ خیبر پختونخوا میں الیگل اسپیکٹرم اور کرائم ٹیرر کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے سے دہشتگردی کی لہر میں اضافہ ہوا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر اپنی بریفنگز میں نشاندہی کر چکے ہیں کہ دہشتگردی کے مستقل خاتمے کے لیے الیگل اسپیکٹرم، منشیات، اسمگلنگ اور مالی معاونت کے خلاف کارروائی، بہتر گورننس اور سیاسی حمایت کا خاتمہ ضروری ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ بھی خیبر پختونخوا میں الیگل اسپیکٹرم کے حوالے سے صوبائی حکومت کو ذمہ دار ٹھہرا چکے ہیں۔ کرائم ٹیرر نیکسس اور الیگل اسپیکٹرم کی سب سے بڑی مثال وادی تیراہ میں منشیات کی کاشت، کٹائی اور ترسیل ہے۔ ذرائع کے مطابق تیراہ اور خیبر میں تقریباً 12 ہزار ایکڑ رقبے پر منشیات کی کاشت کی جاتی ہے، جس کی آمدن کا ایک حصہ دہشتگرد عناصر تک پہنچتا ہے۔ جولائی 2026 میں 2 ہفتوں کے دوران کسٹمز نے ایک ارب 16 کروڑ 30 لاکھ روپے مالیت کا اسمگل شدہ سامان اور گاڑیاں ضبط کی ہیں۔ سال 2026 کی پہلی سہ ماہی میں خیبر پختونخوا پولیس نے 5 ہزار 695 کلو چرس، 847 کلو آئس، 210 کلو ہیروئن اور 275 کلو افیون برآمد کی۔ خیبر پختونخوا میں الیگل اسپیکٹرم اور کرائم ٹیرر نیکسس کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونا صوبائی حکومت کی انتظامی ناکامی اور نااہلی پر سوال اٹھاتا ہے۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہُ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا 'نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ .... (جامع ترمذی)

کتاب۔ آئینہ روشنی، اور فنا کا سفر، کی خاصیت!

تبصرہ نگار: ظفر اقبال ظفر


آئینہ، روشنی اور فنا کا سفر
جہاں عکس مٹتا ہے، وہیں نور جنم لیتا ہے
زینب جہانزیب
ILM-O-IRFAN PUBLISHERS

کیا آپ نے کبھی آئینے میں دیکھ کر یہ محسوس کیا ہے کہ جو عکس سامنے ہے، وہ آپ کی اصل حقیقت نہیں بلکہ محض ایک عارضی خاکہ ہے؟ زینب جہانزیب کی تحریر پر مبنی یہ سبق ہمیں صوفیانہ سفر کے اُس راستے پر لے جاتا ہے جہاں انسان اپنے مادی وجود سے گزر کر حقیقی روشنی اور فنا کی منزل حاصل کرتا ہے۔ یہ سفر خود کو کھو کر خود کو پانے کا خوبصورت عمل ہے۔ خودی اور وجود کے صوفیانہ تصور کو سمجھنا اور یہ جاننا کہ مادی عکس کس طرح اصل حقیقت کو چھپاتا ہے۔ سائے (نفسِ امارہ) کی حقیقت کو پہچاننا اور اس سے چھٹکارا پا کر بیداری حاصل کرنا۔ درد، خاموشی اور صبر کو روحانی تربیت کے اہم ترین ذرائع کے طور پر سمجھنا۔ فنا اور بقا کے حقیقی معنی سیکھنا، جہاں مٹ جانا اصل میں مکمل ہو جانا بن جاتا ہے۔

انسانی وجود ایک آئینے کی طرح ہے، لیکن مادی دنیا کی رنگینیاں اس آئینے پر دھند کی تہہ جما دیتی ہیں۔ صوفیانہ فکر کے مطابق، ہم اکثر اپنے ظاہری عکس کو ہی اپنی اصل سچائی سمجھ لیتے ہیں، حالانکہ وہ اصل چہرے کا صرف ایک عارضی اور دھندلا عکس ہوتا ہے۔ جب انسان اپنے باطن کی طرف سفر کرتا ہے، تو اسے سب سے پہلے اپنے 'سائے' یعنی نفسِ امارہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ صوفی کہتے ہیں کہ یہ سایہ دراصل اندھیرے کا وہ حصہ ہے جہاں روشنی نہیں پہنچ پاتی۔ جب تک انسان اپنے اس سائے کو تسلیم نہیں کرتا اور اس کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں کرتا تب تک معرفت کا سفر شروع نہیں ہو سکتا۔ خواب میں جاگنے والی آنکھ دراصل باطنی بیداری کا استعارہ ہے، جہاں جسم تو سو جاتا ہے لیکن روح جاگ اٹھتی ہے۔ ایک انٹرا ایکٹو مائنڈ میپ جو انسانی خودی، نفسِ امارہ (سایہ) اور باطنی بیداری (خواب میں جاگتی آنکھ) کے درمیان باہمی تعلق کو واضح کرتا ہے۔

روشنی اور الہی حقیقت۔ روشنی ہمیشہ اندھیرے سے ہی جنم لیتی ہے۔ تصوف کی رو سے، اندھیرا روشنی کا دشمن نہیں بلکہ وہ خاموش خلوت ہے جہاں روشنی اپنے ہونے کا شعور پاتی ہے۔ انسان جب دنیا کی ظاہری روشنیوں سے تھک کر اپنے باطن کے اندھیرے میں اترتا ہے، تو اسے سچی روشنی ملتی ہے۔ عشقِ اول کی بازگشت کائنات کی تخلیق کا بنیادی راز ہے۔ صوفیا کہتے ہیں کہ خدا ایک پوشیدہ خزانہ تھا، جس نے خود کی پہچان واسطے کائنات کو تخلیق کیا۔ جب انسان اپنے اندر کی گہرائی میں اتر کر 'لا مکان' کے نور کو چھوتا ہے، تو اس پر یہ راز کھلتا ہے کہ وہ روشنی باہر کہیں نہیں، بلکہ اس کے اپنے دل کے نہاں خانے میں موجود تھی۔ آنکھوں کے پیچھے بھی ایک دنیا آباد ہے، جو ظاہری دنیا سے کہیں زیادہ حقیقی اور وسیع ہے۔ ظاہر سے باطن تک کا سفر۔ ایک سلائیڈ پریزنٹیشن جو مادی دنیا کی ظاہری بصارت سے باطن کی حقیقی بصیرت اور 'نور لا مکان' تک پہنچنے کے مراحل کو تصاویر اور اہم نکات کے ذریعے سمجھاتی ہے۔

درد، صبر اور سلوک۔ انسانی زندگی میں دُکھ اور درد صرف مصیبت نہیں بلکہ رُوح کی پاکیزگی اور رُوحانی تربیت کا ذریعہ ہیں۔ بہت زیادہ ہنستے ہوئے چہروں کے پیچھے اکثر گہرے طوفان چھپے ہوتے ہیں، اور صوفیانہ سلوک میں یہی درد عبادت بن جاتا ہے جب اسے خاموشی کے ساتھ قبول کر لیا جائے۔ صبر کا مطلب وقت کو مجبوری میں برداشت کرنا نہیں ہے، بلکہ خود کو وقت کے سپرد کر دینا ہے۔ جب انسان شکوہ کرنا چھوڑ دیتا ہے، تو اس کا دل تسلیم و رضا کا گہوارہ بن جاتا ہے۔ دل جب مزار بنتا ہے، تو وہاں سے ہر طرح کا غرور اور لالچ مٹ جاتا ہے اور انسان اپنی شکستوں میں بھی الہی حکمت تلاش کر لیتا ہے۔ خاموشی میں روح کا رقص دراصل وہ حالت ہے جہاں الفاظ ختم ہو جاتے ہیں اور صرف خدا کی موجودگی کا احساس باقی رہ جاتا ہے۔

درد اور صبر کی صوفیانہ اہمیت۔ ایک صوتی گفتگو جس میں بحث کی گئی ہے کہ صوفیانہ روایت میں درد، دکھ اور صبر کو کس طرح انسانی روح کو نکھارنے اور الہی قربت حاصل کرنے کے اوزار کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ وصل، ادراک اور فنا۔ صوفیانہ سفر کی آخری اور اعلیٰ ترین منزل 'فنا' ہے۔ فنا کا مطلب جسمانی موت نہیں ہے، بلکہ اپنے اندر کی انا، غرور اور 'میں' کو ختم کر دینا ہے۔ جب انسان کا باطن مکمل طور پر مٹ جاتا ہے، تو وہ فنا نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ کے لیے 'بقا' پا جاتا ہے۔ اس منزل پر پہنچ کر انسان پکار اٹھتا ہے: 'میں فنا نہیں ہوئی، میں مکمل ہوئی ہوں'۔ جب قطرہ سمندر میں مل جاتا ہے تو وہ قطرہ نہیں رہتا بلکہ خود سمندر بن جاتا ہے۔ کائنات انسان کے اندر سمٹ آتی ہے اور وقت کے فاصلے مٹ جاتے ہیں۔

صوفی کے لیے یہ لمس لافانی اور ابدی سکون کا باعث بنتا ہے جہاں وہ خود روشنی بن کر کائنات کے ذرے ذرے میں خدا کا جلوہ دیکھتا ہے۔: ہمارا مادی وجود اور ظاہری عکس حقیقی نہیں ہے، بلکہ اصل سچائی باطن کی گہرائی میں پوشیدہ ہے۔ اپنے نفس اور سائے کا سامنا کرنا معرفت اور باطنی بیداری کا پہلا قدم ہے۔ درد، صبر اور خاموشی روح کی تربیت کے لیے لازمی ہیں، جو انسان کو تسلیم و رضا کا سبق سکھاتے ہیں۔ فنا کا اصل تصور اپنی انا کو مٹا کر الہی سچائی میں ضم ہو جانا ہے، جو انسان کو حقیقت میں کامل بنا دیتا ہے۔

Baaghi
باغی رائیٹرز فورم
اگست 2026
باغی ایوارڈ
زینب جہانزیب
مبشر لقمان
Baaghitv.com

اس تمام رُوحانی معلومات کا تھوڑا سا حصہ جو آپ کی عدالت شعور میں پیش کیا گیا یہ زینب جہانزیب صاحبہ کی کتاب۔ آئینہ روشنی، اور فنا کا سفر، سے ہی اخذ کر کے کیا گیا ہے اگر آپ خدا کے رُوحانی جہانوں کی کھل کر پرواز کرنا چاہتے ہیں تو کتاب، آئینہ روشنی، اور فنا کا سفر، آپ کو اُڑنے کے لیے نہ صرف پردے گی بلکہ آسمانوں کے راستوں کے متعلق بھی راہنمائی کرے گی۔ یہ وہ دور ہے جس میں انسان، انسان تک پہنچنے میں ناکام ہے ایسے میں انسان کو خدا تک پہنچانے کا راستہ و طریقہ، کتابی سواری میں مہیاء کرنا کوئی معمولی کام نہیں ہے۔

زینب جہانزیب صاحبہ کی یہ کتاب وہ کتاب ہے جو ہر صاحب اولاد آدمی کے تکیے کے نیچے لازمی ہونی۔

سفارش اور پروٹوکول کلچر؛ ایک لعنت، کیوں اور کیسے خاتمہ

گُل و خار

پروفیسر حکیم سید عمران فیاض
hakeemsyedimran7@gmail.com

مصلے بیچ کر خنجر خرید اے بے خبر مسلم
کہ ٹکرانے کو ہے تیری فقیری سے شہنشاہی

سفارش اور پروٹوکول کلچر ھمارے معاشرے کا ایک ایسا ناسور ھیں جس نے معاشرے کو انتہائی گندہ کر کے رکھ دیا ھے۔ آپ کسی بھی جگہ نظر دوڑائیں آپکو سفارش کی بدولت ھر قسم کے میرٹ کی دھجیاں بکھرتی نظر آئیں گی۔ بہت کم سرکاری محکموں۔ پرائیوٹ اداروں۔ یا پرائیویٹ جگہیں آپکو دیکھنے کو ملیں گی جہاں حق دار کو اسکا حق ملتا نظر آیا ہو۔ سفارش جیسے ناسور کی بدولت رشوت, جھوٹ, کرپشن, چالبازی, چلاکیاں اور حسد جنم لیتا ھے۔ مزید یہ کہ سفارش جیسے ناسور کی وجہ سے معاشرہ میں کرپٹ لوگ متوسط و غریب لوگوں کے جائیز حقوق سلب ھوجاتے ھیں۔ اور عوام کو ذلیل و خوار ھونا پڑتا ھے۔

دوسری طرف پروٹوکول بھی ایک نشہ بن چکا ھے۔ وہ جس بھی سطح کا ھو اکثر سامنے والوں کیلئے تکلیف کا باعث بن جاتا ھے۔ آخر ایسا کیوں ھے کہیں یہ پروٹوکول دکھاوا تو نہیں۔

پروٹوکول دو طرح کے ھوتے ھیں جن میں سرکاری سطح کا پروٹوکول اور امارت کا پروٹوکول

ھمارے معاشرہ میں سرکاری پروٹوکول جس سطح پر بھی ھو لازم و ملزوم سمجھا جاتا ھے۔ کئی بار کئی حکومتوں نے اس پوٹوکول کلچر میں تبدیلی یا کمی کا عندیہ دیا۔ لیکن بعض نادیدہ قووتوں نے اس عندیا کو پایہ تکمیل تک پہنچنے ھی نہیں دیا۔ اور کوئی بھی حکومت اس پروٹوکول کلچر کا خاتمہ نہ کرسکی۔ اکثر آپ بھی اس عوامی ٹیکسوں پر پلنے والی پروٹوکول مافیا سے پریشان ضرور ھوئے ھوں گے۔ ان کی وجہ سے اکثر مقامات پر ٹریفک بلاک ھو جاتی ھے۔ جس کی وجہ سے عوام شدید مشکلات میں مبتلا رھتی ھے۔ جبکہ ان پروٹوکول مافیا کے پروٹوکول کے اخراجات عوام کی ضروریات زندگی کو مہنگا کر کے پورے کیے جاتے ھیں غریب اور متوسط طبقہ شدید ذھنی عذاب میں مبتلا ھو جاتا ھے۔

اس سفارش اور پروٹوکول کلچر کا خاتمہ کب اور کیسے ھوگا۔ اگر ھم ان کا خاتمہ کریں تو ھمارا وطن خوشحالی کی راہ پر گامزن ھونے لگے گا۔ ایک طرف وفاقی وزراء ملک میں پیٹرول کی ممکنہ قلت کے حوالے سے خبردار کر رہے ہیں، تو دوسری طرف وفاقی وزیر کے پروٹوکول کے لیے گاڑیوں کا طویل قافلہ موجود ہے۔ کیا وزراء اپنی مراعات اور پروٹوکول میں کمی نہیں کر سکتے؟ عوام پر مسلسل بوجھ ڈالنے کے بجائے حکمران طبقہ بھی کچھ قربانی دینے کو تیار ہے؟ اگر پروٹوکول کلچر کا خاتمہ ممکن نہیں تو اس میں کم از کم کمی تو کی جاسکتی ھے۔ ملک کے اندر موجود سفارش و پروٹوکول کلچر جیسے مافیا کو بھی جڑ سے اکھاڑا جاسکتا ھے۔

کلیوں کو سینے کا لہو دے کر چلا ہوں
صدیوں مجھے گلشن کی فضا یاد کرے گی

اختیارات سے تجاوز

الیاس محمد حسین

پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں اختیارات سے تجاوز کرنا معمولی سی بات ہے کئی سالوں سے سینکڑوں لاپتہ شہری معمہ بنے ہوئے ہیں پاکستان کی عدالتیں انہیں پیش کرنے کی اب تلک دہائی دے رہی ہیں اور ان کے لواحقین آئے روز مظاہرے کرتے رہتے ہیں کچھ لاپتہ شہری تو حکومت کو بدنام کرنے کے لئے خود ''گمشدہ'' ہوگئے ہیں اور وہ دہشت گردی کے واقعات میں استعمال ہو رہے ہیں پھر پولیس کے نجی عقوبت خانوں کی خبریں اکثر منظر عام پر آتی رہتی ہیں ان حالات میں حقیقت کو تلاش کرنا پڑتا ہے ہر حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ عوام کے بنیادی حقوق کی حفاظت کرے ورنہ بااختیار و بااثر طبقات قدم قدم پر بنیادی حقوق سلب کرنے کے درپے ہیں یہ سب کچھ دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے کیا جا رہا ہے ہوسکتا ہے حکومت یہ سب نیک نیتی سے کر رہی ہو اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت کو درپیش چیلنجز میں انتہا پسندی اور دہشت گردی سب سے سرِفہرست ہیں اب تک دہشت گردی کے نتیجہ میں کم و بیش پچاس ہزار افراد شہید، لاکھ سے زیادہ معذور ہو چکے ہیں کھربوں مالیت کی املاک تباہ اور قومی اداروں کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچ چکا ہے۔ دہشت گردوں کی سرکوبی کیلئے پاک فوج نے ''اپریشن ردالفساد'' شروع کر رکھا ہے جس کے بڑے مثبت نتائج شامنے آرہے ہیں جسے پوری قوم کی مکمل تائید حاصل ہے۔ لیکن اس کے باوجود بہت سے سیاستدانوں اور بیشتر عوامی حلقوں کو پولیس سمیت سکیورٹی فورسز میں چھپے ان اتھرے افسروں اور اہلکاروں پر بڑے تحفظات ہیں راؤ انوار کی مثال سب کے سامنے ہے۔ سانحہ ماڈل ٹاؤن، سانحہ ساہیوال میں تو ذمہ داروں کی فوٹیج بھی موجود ہیں پھر بھی ان کو قرار واقعی سزا نہیں دی جاسکی اور معاملہ لٹک کر رہ گیا ہے اس کے علاوہ تھانوں میں پولیس تشدد سے ہلاکتوں کے کئی واقعات ہوتے رہتے ہیں پولیس مقابلوں میں بے گناہوں کو ڈاکو پوز کر کے ہلاک کرنے کی کئی کہی ان کہی کہانیاں گردش کرتی ہیں پاکستان میں تین درجن سے زائد مختلف ایجنسیاں کام کر رہی ہیں، رینجر، پولیس، محافظ، ایلیٹ فورس، ڈولفن اور کئی قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی موجود ہیں پھر سکیورٹی اداروں کو شتر بے مہار اجازت دینا یا ان کا اختیارات سے تجاوز کرنا کچھ نرالی منطق نہیں۔ اگر قانونی طور اور آئینی اعتبار سے دیکھا جائے تو یہ سب کچھ پاکستان کے آئین کی روح کے منافی ہے 1977ء کے آئین میں شہریوں کے حقوق کی ضمانت دی گئی ہے۔ کسی پاکستانی کو بھی دہشت گردوں کے خلاف سخت سے سخت قانون سازی پر کوئی اعتراض نہیں لیکن مظلوم لوگوں کے ساتھ انصاف ہونا چاہیے۔ اس میں کوئی شک اور دوسری رائے نہیں ہوسکتی کہ پاکستان کے دشمنوں، انسانیت کے قاتلوں اور امن کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے لیکن حکمرانوں کو کسی شہری کو اس کے بنیادی حق سے محروم کرنے کا کوئی حق ہے نہ جواز۔ ہر پارٹی جب وہ اپوزیشن میں ہوتی ہے تھانہ کلچر تبدیل کرنے کے بلند و بانگ دعوے کرتی ہے پھر اسی رنگ میں رنگ جاتی ہے۔ ضروری ہے کہ مسلح مذہبی اور سیاسی گروہوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے جبکہ جوہری تنصیبات، ہوائی اڈوں، پارلیمنٹ، عدلیہ، انتظامیہ، میڈیا ارکان کا اغواء قتل یا حملوں۔ عبادت گاہوں کو نقصان پہنچانے والوں سخت ترین سزائیں دینی چاہیے، سائبر جرائم بھی اسی زمرے میں آئیں گے لیکن حکومت کو نیب یا کسی اور دارے کو سیاسی مخالفین کی زبان بند کرنے کیلئے استعمال نہیں کرنا چاہیے ورنہ جمہوری حکمران ڈکٹیٹر بن جائیں گے آج موجودہ حکومت کے مخالفین شور مچا رہے ہیں کہ ان سے احتساب کے نام پر سیاسی انتقام لیا جا رہا ہے حکومت کو اپنے طرزِ عمل سے اس تاثر کو زائل کرنا ہوگا۔۔ یقیناً سیاسی حلقوں کی اس بات میں وزن ہے اس لئے موجودہ حکمرانوں کیلئے اعتدال کا راستہ اختیار کرنا دانشمندی ہے۔ کہا جاتا ہے پاکستان میں کسی بھی وقت کچھ بھی ہوسکتا ہے بہتر ہے حکومت تمام سرکاری اداروں اور محکموں میں اصلاحات کرے۔ اگر ملکی حالات دیکھیں تو ہر پاکستانی کی خواہش کہ دہشت گردوں کو سخت ترین سزائیں دے کر انہیں عبرت کا نشان بنا دیا جائے لیکن جناب اختیارات سے تجاوز کرنا بھی سماجی دہشت گردی ہے اس سے نہ صرف عوام کے بنیادی حقوق متاثر ہوتے ہیں بلکہ مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں اس لئے خاص طور پر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور محکموں میں ترجیحی بنیادوں پر اصلاحات کر کے تنظیم ِنو کی جائے یہ وقت کی اہم ضرورت ہے اور عمران خان کا عوام سے وعدہ بھی کہ ہم تھانہ کلچر تبدیل کر دیں گے جنابِ وزیراعظم اپنا وعدہ پورا کریں۔

پہلوانوں کے شہر سے



افتخار احمد چوہان

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

ٹرانسپورٹ کیخلاف ایف بی آر کارروائیاں کاروباری برادری کیلئے مزید مشکلات کا باعث ہیں: چیمبر ممبران

اویس احمد ڈار اور دیگر کا حکومت سے ٹرانسپورٹ کی پکڑ دھکڑ روکنے اور چیمبرز سے مشاورت کے بعد فیصلے کرنے کا مطالبہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے ایگزیکٹو ممبر اویس احمد ڈار اور حافظ محسن زبیر، شاہد عزیز کھوکھر اور حاجی احسان نے کہا ہے کہ کاروباری سرگرمیاں بہتر نہ ہونے کی وجہ سے بزنس کمیونٹی مشکلات میں مبتلا ہے، حکومت اور ایف بی آر کا ٹرانسپورٹ کے خلاف کارروائی کر کے ضبط کرنا کاروباری برادری کیلئے مزید مسائل پیدا کرنا ہے، حکمران کاروباری طبقہ کیلئے مزید مشکلات پیدا کرنے سے اجتناب کریں اور کاروباری نظام میں بہتری لانے کیلئے تمام چیمبر آف کامرس کے صدور کے ساتھ مشاورت کے بعد فیصلے کرنے کا آغاز کرے، انہوں نے مشترکہ بیان میں کہا کہ پوری دنیا میں اک نظام کے تحت ریٹیلر سے ٹیکس وصول کیا جاتا ہے اور کاروباری طبقہ کو ریلیف بھی فراہم کیا جاتا ہے جبکہ وطن عزیز میں بزنس کمیونٹی کیلئے مسائل میں اضافہ کیا جاتا ہے

غیر معیاری مضرِ صحت خوراک کی فروخت کیخلاف کریک ڈاؤن

32 مراکز کو جرمانے
ممنوعہ زائد المیعاد اشیا تلف

ملاوٹ مافیا اور غیر معیاری خوراک کی فروخت کیخلاف ضلعی انتظامیہ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں تسلسل کیساتھ جاری ہیں، اس سلسلہ میں مختلف علاقوں میں 303 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی

فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سیر یسٹورنٹس، بیکریوں، سویٹس، دودھ کی دکانوں اور دیگر فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کرتے ہوئے خوراک کے معیار، صفائی اور فوڈ سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ملاوٹ مافیا اور غیر معیاری خوراک کی فروخت کیخلاف ضلعی انتظامیہ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں تسلسل کیساتھ جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں مختلف علاقوں میں 303 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی، جہاں فوڈ سیفٹی قوانین اور مقررہ ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 32 فوڈ بزنسز کو مجموعی طور پر 4 لاکھ 33 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران ناقص اور غیر معیاری خوراک کی فروخت پر 2 کاروباری مراکز کیخلاف ایمرجنسی پروہیبشن آرڈر (EPO) جاری کیے گئے، جبکہ 1.5 کلو ممنوعہ اشیا اور 2.3 کلو زائدالمیعاد اشیا تلف کردی گئیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سیر یسٹورنٹس، بیکریوں، سویٹس، دودھ کی دکانوں اور دیگر فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کرتے ہوئے خوراک کے معیار، صفائی اور فوڈ سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران 3 فوڈ سیمپلز بھی حاصل کیے گئے تاکہ ان کا معیار جانچا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے مطابق دودھ میں ملاوٹ اور غیر معیاری خوراک کی روک تھام کیلئے ملک سپلائی گاڑیوں کی بھی چیکنگ کی جارہی ہے۔ اس سلسلہ میں 85 ملک سپلائی گاڑیوں کی چیکنگ کرتے ہوئے 14 ہزار 670 لیٹر دودھ کی جانچ کی گئی جبکہ خلاف ورزی پر ملک سپلائی گاڑیوں کو 4 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

گیپکو کی آن لائن کچہری، صارفین کے مسائل براہِ راست سنے گئے

صارفین ایس ایم ایس سروس 8118 کے ذریعے اپنی بجلی سے متعلق شکایات اور ضروری معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، چوہدری اکبر

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزارتِ توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات کی روشنی میں گیپکو ہیڈ کوارٹرز میں آن لائن کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں چیف ایچ ایس ای آفیسر چوہدری اکبر علی نے گیپکو کے آفیشل فیس بک پلیٹ فارم کے ذریعے صارفین سے براہِ راست رابطہ کیا، ان کی بجلی سے متعلق شکایات اور مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو موقع پر ہی شکایات کے فوری اور بروقت ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ چیف ایچ ایس ای آفیسر چوہدری اکبر علی نے کہا کہ گیپکو ہیلپ لائن 118 صارفین کو بجلی کی فراہمی، خرابی اور دیگر شکایات کے اندراج کیلئے فوری رابطے کی سہولت فراہم کرتی ہے جبکہ ایس ایم ایس سروس 8118 کے ذریعے بھی صارفین اپنی بجلی سے متعلق شکایات اور ضروری معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے صارفین پر زور دیا کہ وہ کسی بھی شکایت یا بجلی سے متعلق مسئلے کی صورت میں دستیاب سرکاری رابطہ ذرائع سے استفادہ کریں تاکہ ان کے مسائل کو بروقت متعلقہ شعبے تک پہنچایا اور حل کیا جا سکے۔ اس موقع پر ڈپٹی منیجر سی آر سی فراز میمن، اسسٹنٹ پبلک ریلیشنز محمد عامر، اسسٹنٹ سی آر سی محمد نفیس اور دیگر بھی موجود تھے۔



گوجرانوالہ۔ کمشنر محمد علی اوپن پالیسی کے تحت پبلک ڈیلنگ آوور میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

کمشنر کی برطانوی قونصل جنرل سے ملاقات

دو طرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے برطانوی قونصل جنرل (ہیڈ آف لاہور) مسٹر بین ویرینگٹن سے ملاقات کے دوران ڈویژن میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات کی فراہمی، شہری انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوامی فلاح و بہبود کیا قدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی

کمشنر محمد علی نے ڈویژن میں حکومت کی جانب سے عوام کو بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شہریوں کو درپیش مسائل کے مؤثر حل کیلیے کیے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے برطانوی قونصل جنرل (ہیڈ آف لاہور) مسٹر بین ویرینگٹن سے ملاقات کے دوران ڈویژن میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات کی فراہمی، شہری انفراسٹرکچر کی بہتری اور عوامی فلاح و بہبود کیا قدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر محمد علی نے ڈویژن میں حکومت کی جانب سے عوام کو بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شہریوں کو درپیش مسائل کے مؤثر حل کیلیے کیے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ کمشنر محمد علی نے بتایا کہ گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی، شفافیت اور معیار کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی سہولیات میں بہتری پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں کو بہتر میونسپل سروسز، صاف ماحول، جدید انفراسٹرکچر اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلیے انتظامیہ کی جانب سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ برطانوی قونصل جنرل (ہیڈ آف لاہور) نے ڈویژن میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوامی سہولیات کی بہتری کیلئے کیے جانے والے اقدامات میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات میں باہمی تعاون، ترقیاتی امور اور عوامی فلاح سے متعلق مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کمشنر محمد علی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی عمل کو تیز کرنے اور شہریوں کے مسائل کے بروقت حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

گوجرانوالہ، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین صغیر شہید پارک نوشہرہ روڈ میں سیمینار سے پرنسپل مسز عالیہ سردار، مسز عمارہ رازق، ڈاکٹر خدیجہ و طالبات خطاب کر رہی ہیں

چوہدری ذوالفقار احمد چیمہ مرحوم کیلئے دعائے مغفرت، سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت

کوٹ جعفر میں محفلِ ایصالِ ثواب، مولانا اقبال بٹ کا حقوق اللہ وحقوق العباد اور والدین کی خدمت پر خصوصی خطاب

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) معروف کاروباری، سیاسی و سماجی شخصیت چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ایگریکلچر چیمبر اینڈ کامرس انڈسٹری وزیرآباد چوہدری احتشام الحق چیمہ آف کوٹ جعفر کے والد محترم چوہدری ذوالفقار احمد چیمہ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے دعائے خیر کی محفل منعقد کی گئی جس میں ضلع بھر کی سیاسی سماجی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ محفل پاک کا اغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک اور نعت شریف سے شروع ہوا۔ خصوصی خطاب حضرت مولانا اقبال بٹ صاحب نے حقوق اللہ اور حقوق العباد والدین کی خدمت کے حوالے سے ارشاد بیان کیا۔ جس میں سیاسی سماجی کاروباری اور بیوروکریسی کے علاوہ مختلف مکاتب فکر کے سینکڑوں افراد نے شرکت۔ اور مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔ انے والے لوگوں کے لیے کھانے کا اہتمام کیا گیا۔ ایصال ثواب کی محفل پاک میں مسلم لیگ ن کے ایم پی اے چوہدری وقار احمد چیمہ سابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چوہدری ذوالفقار احمد باگڑی، چوہدری وقار انور گکھڑ۔ ڈاکٹر ساجد، سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری ہاشم چیمہ۔ چوہدری راشد رفیق بھٹہ۔ سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری سعید اللہ والے چوہری عدنان پرویا۔ چوہدری شہباز احمد چیمہ، حاجی اختر۔ چوہدری مقدس چیمہ اور دیگر افراد میں موجود تھے

☆☆☆☆☆☆

ڈی سی نوید احمد کی اوپن ڈور پالیسی، سائلین کے مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت

سرکاری دفاتر میں صبح 10 سے ساڑھے 12 بجے تک پبلک ڈیلنگ یقینی، افسران کو بلاوجہ چکر لگوانے سے روک دیا گیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر عوامی مسائل کی سماعت کی۔ تمام سرکاری دفاتر میں پبلک ڈیلنگ کے مقررہ اوقات، صبح 10 بجے سے ساڑھے 12 بجے تک پر عملدرآمد بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے اپنے دفتر میں آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری دادرسی کے احکامات دیے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز اور صوبائی محکموں کے سربراہان کو سختی سے ہدایت کی کہ سائلین کو بلاوجہ دفاتر کے چکر نہ لگوائے جائیں اور قانون کے مطابق فوری نوعیت کے مسائل حل کرتے ہوئے شکایات کا بروقت ازالہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ شہریوں کے مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور عوام دوست اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

مہنگائی کے حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے: سنی اتحاد کونسل

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ اور صاجزادہ محمد نعمان صدیقی نے کہا ہے کہ مہنگائی ختم کرنے کے حکومتی بلند و باغ دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، حکمران عوام کو ریلیف نہیں دے سکتے تو تکلیف بھی نہ دیں، مہنگائی کے طوفان نے عام آدمی کی مشکلات بڑھا دیں ہیں، حکومت عوام کو ریلیف دینے کی بجائے آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں

پیفما انتخابات، ہارون امجد شاہین فین سمیت تمام عہدیداران بلا مقابلہ کامیاب

ملک صفدر حسین چیئرمین، ہارون امجد سینئر وائس چیئرمین اور ولید شجاع وائس چیئرمین منتخب، فین انڈسٹری کے مسائل حل کرنے کا عزم

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پاکستان الیکٹرک فین مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پیفما) (PEFMA) کے سالانہ انتخابات ممتاز صنعتکار ہارون امجد (شاہین فین، گوجرانوالہ) سمیت تمام عہدیدار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ انتخابات کے نتیجے میں درج ذیل عہدیداروں کی بلا مقابلہ کامیابی کا باضابطہ اعلان کیا گیا: چیئرمین: ملک صفدر حسین (چیف ایگزیکٹو، الخیر فین) سینئر وائس چیئرمین: ہارون امجد (شاہین فین، گوجرانوالہ) وائس چیئرمین: ولید شجاع (ڈائریکٹر الرحمت فین) صنعتی اور کاروباری حلقوں نے ہارون امجد اور دیگر عہدیداروں کی بلا مقابلہ کامیابی پر گوجرانوالہ، گجرات اور پنجاب بھر کی صنعت و تجارت سے وابستہ شخصیات اور کاروباری حلقوں نے مسرت کا اظہار کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے ممبران نے امید ظاہر کی ہے کہ نومنتخب قیادت کی صلاحیتوں اور تجربے سے پاکستان کی فین انڈسٹری نہ صرف ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگی، بلکہ صنعتکاروں کو درپیش درپیش مسائل بھی ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے۔ بلا مقابلہ انتخاب کے بعد اپنے ردِعمل میں ہارون امجد نے تمام ممبران اور صنعتی برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنے عزم کا اعادہ کیا کہ: فین انڈسٹری کو درپیش پیداواری، ٹیکسیشن اور خام مال سے متعلق مسائل کو حکومت اور متعلقہ اداروں کے سامنے موثر انداز میں اٹھایا جائے گا۔ مقامی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستانی پنکھوں کی برآمدات (Exports) کو فروغ دینے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے۔

بزنس گروپ کی کامیابی پر مبارکبادوں کا سلسلہ جاری، احمد نوید رانجھا کی فیکٹری میں وفد کا استقبال

ایمبرائڈری ایسوسی ایشن کے سابق سینئر نائب صدر احمد نوید رانجھا نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا، بزنس گروپ کی خدمات جاری رکھنے کی امید ظاہر کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹری بزنس گروپ کی جیت کی مبارک بادوالوں کا تانداباندہ جاری ایمبرائڈری ایسوسی ایشن گوجرانوالہ سابق سینئر نائب صدر احمد نوید رانجھا کی فیکٹری میں امد اس موقع پر احمد نوید رانجھا نے ان کا استقبال کیا اور شکریہ ادا کیا اے ہوئے مہمانوں نے بزنس گروپ کی جیت پر پوری ٹیم کو مبارک بادی اور مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بزنس گروپ اس طرح بزنس کمیونٹی کی خدمت کرتیرہے تو انشا اللہ ہم ان کے شانہ باشانہ ان کے ساتھ کھڑیا ور کھڑ یرہیں گے

بعدالت جناب رانا قیصر شفیق صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل / تحصیلدار صاحب تحصیل وضلع ننکانہ صاحب

نوٹس بنام عوام الناس

ہرگاہ ہرخاص وعام کومطلع کیا جاتا ہے کہ وارثت متوفی فضل احمد ولد احمد ساکن موضع چک وٹواں نمبر638 گ ب تحصیل وضلع ننکانہ صاحب جو کہ فوت ہوگیا تھا جس کی وارثتی اراضی موضع چک وٹواں نمبر638 گ ب تحصیل وضلع ننکانہ صاحب میں واقع ہے شجرہ نسب مرتب پٹواری کے مطابق متوفی کے وارثان میں فتح بی بی زوجہ متوفی زندہ،کلثوم اختر دختر متوفی،نسرین دختر متوفی،شیر محمد پسر متوفی،بشیر احمد پسر متوفی کومتوفی کے قانونی وشرعی وارثان ظاہر کیا گیا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر دوارث ہتواشاعت اخبار سے سات دن کے اندراندر دفتر ہذا آ کر اپنا عذر پیش کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضاطہ عمل میں لائی جائے گیاور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

CR....CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب نبزایاسین سول وفیملی جج کاموںکے ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ دلا پانے خرچہ عدت و واپسی سامان جہیز بمابق فہرست سامان جہیز

مدعیہ۔لثوبیہ بی بی دختر محمد عنایت قوم منہاس ساکن موضع چک ہندہ تحصیل کاموںکی ضلع گوجرانوالہ۔بنام عبدالرحمٰن ولد مجید حسین قوم شیخ ساکن چک نمبر TDA/165 تحصیل وضلع لیہ

کوبذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026/10/09 کوپیش عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..AM

بعدالت جناب اسدرضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

ساجدہ بشیر بنام حامد بشیر وغیرہ

درخواست برائے اجراء دخل ورانٹ۔اشتہار بنام:۔حامد بشیر،خالد بشیر،ساجد بشیر،عابد بشیر، یاسمین بشیر، عفت بشیر پسران ودختران محمد بشیر سکنائے دھنپت روڈ تحصیل وضلع قصور مقدمہ ہذا میں مسئول علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 02-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب مستنصر لطیف صاحب سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ ساہیوال

نمبر مقدمہ سال2026

نوعیت مقدمہ: دعویٰ تنسیخ نکاح خرچہ نان ونفقہ

بعنوان مقدمہ: نشاء وغیرہ بنام احمد عباس

اخبار اشتہار بنام: احمد عباس ولد غلام عباس سکنہ بسم اللہ کالونی نزد قبرستان گلی نمبر3 طارق آباد کالونی ملتان۔

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 05-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا،آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب ADLR صاحب / تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی صغیر احمد ولد محمد حنیف ذات جوئیہ جودھیکا ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے ۔ متوفی کی اراضی موضع جودھیکا تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے ۔ متوفی کے شرعی وارثان میں بیوہ فیض الٰہی۔محمد فہیم،محمد ندیم پسران حقیقی زندہ حیات ہیں۔جبکہ متوفی کے والدین پہلے سے فوت شدہ ہیں۔اور کوئی وارث نہ ہے ۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے ۔اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہوتو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ

یونین کونسل نمبر52 ناتھے والہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مختار احمد ولد نیک محمد سکنہ گجیانہ تحصیل بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کی بہن حلیمہ بی بی کی تاریخ پیدائش مورخہ 26-12-1992 ہے جس کی پیدائش کا انداج بروقت یونین کونسل میں نہ کرواسکا درخواستی یا اس کے کسی رشتہ دار , عزیز اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل / لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہوتو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوب حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر : ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب افضال احمد ہنجرا صاحب سول وفیملی جج کورٹ تحصیل رینالہ خورد

دعوی دلا پانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ عنوان عاصمہ عارف وغیرہ بنام حاجی محمد اصغر اشتہار بنام حاجی محمد اصغر ولد مختار احمد قوم ارائیں ساکن چک نمبر 6 ون اے ایل تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 26۔10۔08 بوقت آٹھ بجے صبح اصالتا وکالتا حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Sarwar

---

*بعدالت جناب سید میثم رضا زیدی صاحب سول جج جھنگ۔محرم خان بنام صوبہ پنجاب وغیرہ دعویٰ تکمیل معاہدہ اشتہار بنام فضل حسین ولد غلام رضا قوم کشمیری سکنہ ڈھوک تیلیاں مکان نمبرD-160B-p کوچہ خورشید محلّہ عیدگاہ راولپنڈی حال چکنمبر 2/7 تھل جنوبی تحصیل18 ہزاری ضلع جھنگ ،مقدمہ عنوان بالا میں اپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ30-09-2026 اصالتا وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shaki

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین، بعنوان: پروین بی بی بنام حمیرا وغیرہ

پروین بی بی زوجہ ناظر علی ساکن قذافی پارک مرید کے تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 30-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..FW

بعدالت جناب مصباح اسلم صاحبہ سول جج فیملی کورٹ ننکانہ صاحب

دعویٰ: تنسیخ نکاح

عنوان مقدمہ: عریشہ بی بی بنام محمد اکمل

اشتہار بنام: محمد اکمل ولد محمد طفیل قوم آرائیں ساکن نور پور آرائیاں ڈاکخانہ سلطان پور تحصیل شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ۔ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 30-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔آج بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب صغیر احمد صاحب نائب تحصیلدار سرکل تلونڈی الہٰ آباد چونیاں ضلع قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ حمیداں بی بی دختر چھیتر خاں کی وراثت انتقال واقع موضع ججل درج ہوچکی ہے۔جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے ۔چھیتر والد متوفیہ پہلے فوت شد، گجری بی بی والدہ متوفیہ زندہ، محمد رمضان خاوند متوفیہ پہلے فوت شد، گلشن شہزادی، ثمینہ بی بی، بشریٰ بی بی، امبرین رمضان دختران متوفیہ زندہ ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہوتو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں ۔بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی ۔ بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب عاصمہ کنول صاحبہ سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ ساہیوال

نمبر مقدمہ سال2026

نوعیت مقدمہ: دعویٰ تنسیخ نکاح

بعنوان مقدمہ: انعم شہزادی بنام محمد شکیل احمد

اخبار اشتہار بنام: محمد شکیل احمد ولد محمد یٰسین قوم قریشی سکنہ ہجرانواں والا پنڈ پتوکی ضلع قصور

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 03-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا،آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب ADLR صاحب / تحصیلدار صاحب بہاولنگر

خیبر پختونخوا میں امن و امان کی بہتری اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پالیسی و نظام میں تبدیلی کو ناگزیر قرار دیا۔ خیبر پختونخوا کے شہریوں نے پی ٹی آئی حکومت اور وزیراعلیٰ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ان لوگوں کا کوئی عملی کام نظر نہیں آتا، بس اڈیالہ یا ڈی چوک جانے کے نعرے سننے کو ملتے ہیں، صوبے میں صرف چہروں کی تبدیلی نہیں، پالیسی اور نظام کی تبدیلی انتہائی ضروری ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ عدالت کو چاہیے کہ پی ٹی آئی کو کالعدم قرار دے اور اس کے رہنماں پر پابندی عائد کی جائے۔ شہریوں نے کہا کہ صوبے میں ایسی حکومت ہونی چاہیے جو دہشتگردی کے خاتمے کے لئے مؤثر اور بہتر حکمت عملی اپنائے، پولیس کے آپریشنل اختیارات اور انتظامی ڈھانچے کو سیاسی مداخلت سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔

بقیہ سحر 51

ز رپورٹ ہوئے۔ لاڑکانہ ڈویژن میں ملیریا کے 33 ہزار 785 کیسز رپورٹ * سکھر ڈویژن میں ملیریا کے 12 ہزار 58 کیسز رپورٹ جبکہ شہید بے نظیر آباد ڈویژن میں ملیریا کے 13 ہزار 5 کیسز رپورٹ ہوئے، میرپورخاص ڈویژن میں ملیریا کے 10 ہزار 898 کیز رپورٹ جبکہ کراچی ڈویژن میں رواں سال ملیریا کے ایک ہزار 87 کیسز رپورٹ ہوئے

بقیہ سحر 52

کے خلاف ایل ڈی اے کنٹرولڈ ایریا میں آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں کا فیروزپور روڈ، گلبرگ اور مصطفیٰ ٹاؤن میں آپریشن کیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے فیروز پور روڈ پر متعدد غیرقانونی تعمیرات مسمار کر دیں۔ ٹیموں نے ریکوری آپریشن کے دوران گلبرگ میں 10 املاک اور مصطفیٰ ٹاؤن میں 10 املاک سیل کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، بیوٹی سیلون، فوڈ پوائنٹ، آٹو ورکشاپ، کلینک، لیبارٹری، دکانیں، شو روم، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔

بقیہ سحر 53

آئی جی لاہور شعیب خرم اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن راولپنڈی سیف اللہ بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ ہائی پاورڈ کمیٹی حنا جاوید قتل کیس کی تفتیش کا ازسرنو جائزہ لے گی اور رواں ہفتے راولپنڈی کا دورہ کرے گی، اس دوران کمیٹی جائے وقوعہ کا معائنہ کرنے کے ساتھ اب تک ہونے والی تحقیقات کا بھی تفصیلی جائزہ لے گی۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی پولیس کو کیس سے متعلق فرانزک نمونوں کی رپورٹس موصول ہوگئی ہیں جن میں پوسٹ مارٹم کی حتمی رپورٹ بھی شامل ہے، مزید برآں وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے تشکیل دی گئی ہائی پاورڈ کمیٹی نے مقتولہ کے اہلخانہ سے بھی رابطہ کر لیا ہے۔

بقیہ سحر 54

لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم اور جسٹس محمد امجد پرویز پر مشتمل دو رکنی بینچ نے محمد اختر کی درخواست پر 5 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ درخواست گزار نے احتساب عدالت کے 30 نومبر 2022ء کے حکم کو چیلنج کیا تھا، جس کے تحت ملزم ذاکر حسین کی عدم حاضری پر اس کے ضامن کے ایک لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے ضبط کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔

بقیہ سحر 55

توازن کے موضوعات پر تین روزہ بین الاقوامی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ فیکلٹی آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے زیراہتمام منعقدہ ورکشاپ کی قیادت جرمنی کے شہر برلن کی اکون یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ فار ریسرچ اِن انٹرنیشنل اسسٹنس سے وابستہ ذہنی و عالمی صحت کی ماہر اور ریسرچ ایسوسی ایٹ، محترمہ مارا شارلٹ برکھارڈ نے کی۔ ورکشاپ میں فیکلٹی ممبران، طلبہ، سربراہانِ شعبہ اور یونیورسٹی کی تعلیمی قیادت نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 56

سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف اہم امور کے حوالے سے اعلیٰ عمانی حکام اور سرکردہ پاکستانی شخصیات سے ملاقاتیں کریں گے۔ عمان میں ان کی موجودگی کے دوران ان میں یہاں مقیم پاکستانی کمیونٹی اور نوجوانوں کے بارے میں بھی ان کی مفید بات چیت متوقع ہے۔ رانا مشہود احمد خان کی عمان آمد پر پاکستانی کمیونٹی نے انہیں خوش آمدید کہا ہے اور ان کے دورے کی شاندار کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ سحر 57

، جس کے خلاف انہوں نے بطور احتجاج بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تینوں بہنوں سے اظہار یکجہتی کے لیے پنجاب کی چیف آرگنائزر عالیہ حمزہ، صنم جاوید، فلک جاوید اور دیگر خواتین نے بھی بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ فلک جاوید کے مطابق دیگر خواتین قیدی بھی بھوک ہڑتال میں شامل ہونا چاہتی تھیں تاہم علیمہ خان نے انہیں منع کر دیا۔

بقیہ سحر 58

محمد احسن بھون نے تین دہائیوں سے زائد عرصے تک فوجداری، آئینی، سول، کارپوریٹ، کمرشل، بینکنگ اور دیگر شعبوں میں وکالت کی۔

بقیہ سحر 59

آئینی مشینری رکنے کی صورت میں لگتا ہے، خیبر پختونخوا میں آئینی مشینری اپنا کام کر رہی ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ ہم حکومت سے مذاکرات چاہتے ہیں، حکومت کو جو چار پانچ دن ملے ہیں ان سے فائدہ اٹھائے

بقیہ سحر 60

کرنے کا پابند کر دیا گیا جبکہ ذمہ داران کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت محکمانہ کارروائی کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ ڈی جی والڈ سٹی نجم ثاقب کی ہدایات پر ہونے والے کریک ڈاؤن کے بعد اندرون شہر میں غیر قانونی تعمیرات کرنے والے عناصر میں کھلبلی مچ گئی ہے۔

بقیہ سحر 61

پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں مقتولہ کا والد محمد انور، بھائی حماد، حمزہ اور بہن حنا شامل ہیں، پولیس نے واقعے کی تحقیقات کے دوران تمام مرکزی ملزمان کو حراست میں لے لیا ہے۔

بقیہ سحر 62

کرتے ہوئے اسے گرفتار کر لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ واقعے کے دیگر پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے کہا کہ خواتین کو قتل کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، ملزم اب پولیس کی گرفت میں ہے مضبوط چالان مرتب کروا کر قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، جرائم پیشہ عناصر سے آہنی ہاتھوں کیساتھ نمٹا جائیگا۔

بقیہ سحر 63

۔ اوور چارجنگ پر 92 چالان جبکہ دیگر خلاف ورزیوں پر 149 کارروائیاں کی گئیں۔ خلاف ورزی کرنے والوں پر مجموعی طور پر 6 لاکھ 35 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے

بقیہ سحر 64

ٹیسٹ اور پروفیشنسی ٹیسٹ کے لیے کامیاب قرار پائے ہیں۔ محکمہ جیل خانہ جات پنجاب میں جونیئر کلرک کی 6 اسامیوں کے لیے 120 امیدوار تحریری امتحان کے نتیجے میں انگریزی ٹائپنگ ٹیسٹ اور پروفیشنسی ٹیسٹ کے لیے کامیاب قرار پائے ہیں۔

بقیہ سحر 65

کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں نظم و ضبط کے معاملے میں زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ العمل ہے اور تمام ملازمین پر اپنے فرائض کی پابندی لازم ہے، ورنہ سخت قانونی و انتظامی محکمانہ ایکشن ہوگا۔

بقیہ سحر 66

کے ساتویں اجلاس میں منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل بھی شرکت کریں گے۔ ترجمان کے مطابق منصوبے کے تحت گلفشاں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی بحالی اوراپ گریڈیشن کی جائے گی جبکہ چارسال کے عرصے میں فیصل آباد شہر کے واٹر سپلائی سسٹم کو مکمل طور پر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ منصوبے کے تحت فیصل آباد شہر میں 10 نئے ٹیوب ویل بھی نصب کیے جائیں گے، جبکہ سمن آباد، بسم اللہ چوک اور گلشن کالونی میں پانی کے بڑے ٹینک تعمیر کیے جائیں گے۔ پانی کی چوری اور ضیاع کی روک تھام کے لیے جدید مانیٹرنگ سسٹم بھی نصب کیا جائے گا، جس سے پانی کی فراہمی اور استعمال کی نگرانی مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ ترجمان محکمہ ہاؤسنگ کا کہنا ہے کہ منصوبے کی تکمیل سے فیصل آباد اور گردونواح کے لاکھوں شہری بہتر اور صاف پانی کی سہولت سے مستفید ہوں گے۔ منصوبے کی مجموعی لاگت کا 5 فیصد گرین ریزیلینس کے لیے مختص کیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت شہریوں کو صاف پانی ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے واٹر سپلائی کے موجودہ نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 67

میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ چکوال، ملتان اور رحیم یار خان میں ڈینگی کے 3،3 کیسز رپورٹ ہوئے جب کہ اٹک، گوجرانوالہ اور مظفرگڑھ میں 2،2 کیسز سامنے آئے۔ دوسری جانب ڈی جی خان، فیصل آباد، ننکانہ صاحب، اوکاڑہ، پاکپتن اور سیالکوٹ میں ڈینگی کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں ڈینگی سرویلنس مزید تیز کی جا رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ ڈینگی سے بچا کے لیے جاری ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 68

کے جرمانے عائد کیے گئے، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 66 فیصد زیادہ ہیں۔ ماحولیاتی آلودگی کے خلاف 5 ہزار 461 مقامات سیل کیے گئے جبکہ گزشتہ سال کے مقابلے میں سیلنگ کارروائیوں میں ڈھائی گنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران آلودگی پھیلانے والے ایک ہزار 467 یونٹس مسمار کیے گئے جبکہ اینٹوں کے بھٹوں اور صنعتی یونٹس کی ایک لاکھ ایک ہزار 159 انسپیکشنز مکمل کی گئیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ ہیں۔ پنجاب بھر میں میرج ہالز، بینکوئٹ ہالز اور مارکیز کے خلاف بھی سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ سکشن ہڈ کی تنصیب کے لیے دی گئی مہلت ختم ہونے کے بعد مزید رعایت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق سکشن ہڈ کے بغیر چلنے والے میرج ہالز کو بند یا سیل کیا جائے گا اور بھاری جرمانے بھی عائد کیے جائیں گے۔ اعداد و شمار کے مطابق سکشن ہڈز کی تنصیب کے لیے 4 ہزار 256 مقامات کا دورہ کیا گیا، ایک ہزار 163 مقامات پر ہڈز نصب کیے گئے جبکہ 820 مقامات سیل کیے گئے۔ صنعتی یونٹس کے خلاف کارروائیوں میں 17 کروڑ 13 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے جبکہ پلاسٹک کے خلاف کریک ڈاؤن میں 3 کروڑ 15 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا

بقیہ سحر 69

پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ اور ڈی جی پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ڈاکٹر محمد امجد نے دستخط کیے۔ جس کے تحت خواتین کے خلاف جرائم میں فرانزک شواہد کے موثر تحفظ اور انصاف کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ادارہ جاتی تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ اس موقع پر حنا پرویز بٹ نے کہا کہ فرانزک آگاہی، شواہد کے تحفظ اور افسران کی استعداد کار بڑھانے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے۔ ضلعی اور فرنٹ لائن ویمن پروٹیکشن افسران کی فرانزک شواہد سے متعلق تربیت اور آگاہی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ فرانزک شواہد خواتین کے خلاف تشدد کے کیسز میں موثر انصاف کے لیے اہم ہیں، مفاہمتی یادداشت کا مقصد فرانزک آگاہی اور شواہد کے موثر انتظام کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ اس موقع پر ڈی جی پی ایف ایس اے ڈاکٹر محمد امجد نے کہا کہ جرم کے بعد ابتدائی 24 گھنٹے شواہد کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہیں، فرانزک سائنس اتھارٹی انصاف کے عمل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

بقیہ سحر 70

گے۔ نئے ونگ کے لیے 40 فیلڈ کوآرڈینیٹرز سمیت دیگر معاون عملے کی بھرتی کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ کاؤنٹر نیریٹو ونگ کے لیے سالانہ 49 کروڑ 21 لاکھ روپے کے بجٹ کی منظوری دی گئی ہے جبکہ اس منصوبے پر مجموعی طور پر 3 ارب روپے سے زائد لاگت آئے گی۔ نیا ونگ ڈیجیٹل پروپیگنڈے اور ریاست مخالف بیانیے سے نمٹنے پر توجہ دے گا جبکہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر معلومات کے تجزیے اور فیکٹ چیکنگ بھی کرے گا۔

بقیہ سحر 71

34 فیصد جان لیوا حادثات میں کمی واقع ہوئی۔ پنجاب کے 26 اضلاع میں مہلک حادثات میں ریکارڈ کمی آئی ہے۔ رواں سال خوشاب، مری، مظفر گڑھ میں مہلک حادثات میں 100 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رواں سال پنجاب کے 7 اضلاع میں دو سے بھی کم مہلک حادثات پیش آئے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 14 فیصد مہلک حادثات کم ہوئے ہیں۔ ساہیوال میں 82 فیصد، رحیم یار خان میں 74 فیصد، لیہ میں 75 فیصد مہلک حادثات کم ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے ڈی جی ٹریفک محمد وقاص نذیر نے کہا کہ حادثات کی وجوہات جان کر اور حفاظتی اقدامات سے مہلک حادثات میں کمی واقع ہوئی ہے۔ سخت انفورسمنٹ اور عوامی آگاہی مہمات سے حادثات پر قابو پایا گیا ہے۔ قانون شکن ڈرائیورز کے خلاف بلا امتیاز کارروائیوں سے سڑکوں کو حادثات سے محفوظ بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ون ایپ چالان اور جدید کیمروں کے موثر استعمال سے ٹریفک نظم وضبط میں بہتری آئی ہے۔

بقیہ سحر 72

میں مبینہ طور پر ملوث تھیں، ایس پی ماڈل ٹاؤن نے بتایا کہ گرفتار خواتین چوری اور گینگ سے متعلق 41 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ملزمان کے قبضے سے مبینہ طور پر چوری شدہ پرس اور نقدی بھی برآمد کر لی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار خواتین کو مزید تفتیش کیلئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے، جہاں ان سے دیگر وارداتوں کے حوالے سے بھی پوچھ گچھ کی جا رہی ہے، ایس پی ماڈل ٹاؤن کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 73

پر پاکستان کے مقف کی بھرپور تائید کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے جس کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن وسلامتی کا حصول مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل سے ہی ممکن ہے جو کشمیریوں کے حق خودارادیت کے عین مطابق ہو۔ رانا قاسم نون نے کہا کہ معرکہ حق میں پاکستان کی شاندار کامیابی نے دنیا کے سامنے مسئلہ کشمیر کی اہمیت مزید اجاگر کی جس نے جنوبی ایشیا کو ایٹمی جنگ کے دھانے پر لا کھڑا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے 81 ویں سیشن میں شرکت کے بعد واشنگٹن دورے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مسئلہ کشمیر کے دیرپا اور پائیدار حل کی جانب مبذول کرانا ہے۔ اس موقع پر سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر گزشتہ آٹھ دہائیوں سے بھارتی ظلم و جبر کا شکار ہے اور کشمیری شہدا کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ تنازع کشمیر کی حل طلب حیثیت بین الاقوامی قوانین اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کی رو سے مسلمہ ہے۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر پر قانون، تاریخ، جغرافیہ، مذہب اور معاشرت کا وزن پاکستان کے حق میں ہے تاہم کامیابی کے لیے معیشت اور سیاست پر توجہ اور مسلسل محنت ناگزیر ہے۔ پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔ پریس بریفنگ کے اختتام پر چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون نے تمام صحافیوں کا شکریہ ادا کیا۔

جہانگیر خان سے صدر ماڈل ٹاؤن زون کرکٹ ایسوسی ایشن لاہور ملک عمران بچہ کی ملاقات

جس میں باہمی دلچسپی کے امور، کھیلوں کے فروغ اور باہمی تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کے عظیم اسکواش لیجنڈ اور عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کرنے والے جہانگیر خان سے صدر ماڈل ٹاؤن زون کرکٹ ایسوسی ایشن پر جہانگیر خان نے ملک عمران بچہ کو ماڈل ٹاؤن زون کرکٹ ایسوسی ایشن کا صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں

لاہور ملک عمران بچہ نے خصوصی ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، کھیلوں کے فروغ اور باہمی تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ملک عمران بچہ نے جہانگیر خان کے شاندار کھیلوں کے سفر، قومی خدمات اور پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کرنے پر انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جہانگیر خان پاکستان کے عظیم سپورٹس ہیروز میں نمایاں مقام رکھتے ہیں، جنہوں نے اپنی غیر معمولی صلاحیت، محنت اور مسلسل فتوحات کے ذریعے اسکواش کی دنیا میں پاکستان کی ایک منفرد شناخت قائم کی۔ انہوں نے جہانگیر خان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات اور کامیابیاں نوجوان نسل کے لیے آج بھی مشعلِ راہ ہیں۔ اس موقع نے امید ظاہر کی کہ ملک عمران بچہ اپنی انتظامی صلاحیتوں اور کھیل سے وابستگی کو بروئے کار لاتے ہوئے ماڈل ٹاؤن زون میں کرکٹ کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ جہانگیر خان نے کہا کہ مضبوط اور منظم کلب کرکٹ ہی کسی بھی ملک میں کرکٹ کے مضبوط ڈھانچے کی بنیاد بنتی ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ملک عمران بچہ کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن زون کرکٹ ایسوسی ایشن کامیابی کے نئے ریکارڈ قائم کرے گی، جبکہ زون میں کلب کرکٹ کو بھی مزید فروغ اور استحکام حاصل ہوگا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں کھیلوں کے فروغ، نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور پاکستان میں کھیلوں کے روشن مستقبل کے حوالے سے باہمی خیالات کا تبادلہ بھی کیا گیا۔

ایشین گیمز میں اگر پاکستان کی سائیکلنگ ٹیم شرکت کرتی تو پاکستان میڈل جیت سکتا تھا، سردار نزاکت

پاکستان کی سائیکلنگ کو سیاست کی وجہ سے نقصان پہنچا، پاکستان سائیکلنگ میں میڈل جیت سکتا تھا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قومی سائیکلنگ کوچ سردار نزاکت نے کہا ہے کہ ایشین گیمز میں اگر پاکستان کی سائیکلنگ ٹیم شرکت کرتی تو پاکستان میڈل جیت سکتا تھا۔ کیونکہ پاکستان ایشین سائیکلنگ چیمپین شپ کا گولڈ میڈلسٹ ہے انکا کہنا ہے کہ پاکستان کی سائیکلنگ کو سیاست کی وجہ سے نقصان پہنچا۔ پاکستان سائیکلنگ میں میڈل جیت سکتا تھا لیکن آپس کے اختلافات اور گروپ بندی کی وجہ سے پاکستان کا میڈل ضائع ہوا کم ازکم پاکستان براون جیت سکتا تھا۔ اس لئے حکومت کو چاہیسائیکلنگ کے حوالے سے مثبت کام کرے۔۔

ڈپٹی کمشنرز ستھرا پنجاب ایجنسیز کے چیئر پرسنز تعینات، نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

یہ اعلامیہ وزیر بلدیات و ترقیِ کمیونٹی/ وائس چیئرپرسن، ستھرا پنجاب اتھارٹی کی منظوری/ ہدایات کے ساتھ جاری کیا جارہا ہے

لاہور (وقائع نگار) ڈپٹی کمشنرز ستھرا پنجاب ایجنسیز کے چیئر پرسنز تعینات، نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ اس حوالے سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 'ستھرا پنجاب اتھارٹی ایکٹ، 2026' کی دفعہ 11(2) کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، اور 'ستھرا پنجاب اتھارٹی کے وائس چیئر پرسن کی حیثیت سے وزیر بلدیات و معاشرتی ترقی کی ہدایات کے پیشِ نظر، پنجاب کے متعلقہ اضلاع کے تمام ڈپٹی کمشنرز کو بذریعہ ہذا پنجاب میں متعلقہ 'ستھرا پنجاب ایجنسیوں' کا چیئرپرسن مقرر/ نامزد کیا جاتا ہے۔ مذکورہ بالا نامزدگی اس وقت تک مؤثر رہے گی جب تک کہ 'ستھرا پنجاب اتھارٹی ایکٹ، 2026' کی دفعہ 10(2)(a) کے تحت وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے متعلقہ 'ستھرا پنجاب ایجنسیوں' کے مستقل چیئر پرسنز کی نامزدگی عمل میں نہ آ جائے، یا تا حکمِ ثانی (جو بھی پہلے ہو)۔ نامزد چیئر پرسنز، 'ستھرا پنجاب اتھارٹی ایکٹ، 2026' کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے، متعلقہ ایجنسیوں کے اجلاس طلب کریں گے اور ان کی صدارت کریں گے، نیز ان کے قانونی، انتظامی اور آپریشنل امور کی انجام دہی میں سہولت فراہم کریں گے۔ یہ اعلامیہ وزیر بلدیات و ترقیِ کمیونٹی/ وائس چیئر پرسن، ستھرا پنجاب اتھارٹی کی منظوری/ ہدایات کے ساتھ جاری کیا جارہا ہے۔

گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے زیراہتمام شاندار تقریب

جس میں مختلف ایج گروپ کے کھلاڑیوں نے بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ شرکت کی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے زیراہتمام گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو و بیلٹ پروموشن ٹیسٹ کی شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں مختلف ایج گروپ کے کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔ گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے نائب صدر، بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف کوریا)، یوسے کوچ اینڈ صدر نیشنل تائیکوانڈو کلب خاور محمود، ماسٹر سراج دین، عارف بھٹی اور عبدالمنان نے مختلف بیلٹس کیلئے 40 کھلاڑیوں کی جسمانی فٹنس، تائیکوانڈو کی بنیادی تکنیکوں، کِکس، پنچز، دفاعی حرکات اور فائٹنگ صلاحیتوں کا عملی جائزہ لیا۔ پیرا ایتھلیٹس سمیت دیگر نوجوان کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی محنت اور مہارت کا بھرپور ثبوت دیا۔ الخدمت فا؟ نڈیشن سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہونے والی تقریب میں سابق ایم این اے مہر اشتیاق احمد، ایم پی اے سلمہ سعید ہاشمی، ماریہ دانیال، ایم ڈی سینٹر فار اسپیشل نیڈز وائس سوسائٹی ثمینہ میر، فرزانہ تبسم اور صائمہ چوہدری مہمانان خصوصی تھیں۔ دلکش اور یادگار تقریب میں گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید علی عمران، گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو و بیلٹ پروموشن ٹیسٹ تقریب کی آرگنائزنگ سیکرٹری عائشہ مزمل، سی ای او وائس سوسائٹی ہمایوں ظہیر سمیت کھلاڑیوں، کوچز، والدین اور کھیلوں سے وابستہ افراد نے بھرپور شرکت کریں گے۔

پاکستان فٹبال کی بہتری کے لئے گراس روٹ سطح پر کام کرنے کی ضرورت ہے، سابق انٹرنیشنل فٹبالر سرور ٹیڈی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سابق انٹرنیشنل فٹبالر سرور ٹیڈی نے کہا ہے کہ پاکستان فٹبال کی بہتری کے لئے گراس روٹ سطح پر کام کرنے کی ضرورت ہے ایج خدمات حاصل کیں جائے۔ جو ہر سطح پر کوچز فراہم کر سکتے ہیں۔ انکا مذید کہنا ہے کہ میاں عباس چیئرمین ویٹرنز فٹبال کی وجہ سے سینکڑوں سابق فٹبالر کو روزگار ملتا ہے

گروپ میں ایونٹ کروائے جائیں جبکہ سابق فٹبالر کو بھی اس سے فائدہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں جاری فٹبال ٹورنامنٹ کے دوران مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کے دوران خطاب میں کیا کہ پاکستان سینئر ویٹرنز فٹبال فیڈریشن کی اس لئے پاکستان فٹبال فیڈریشن کو چاہیئے کہ وہ ویٹرنز فٹبالر کو اپنا حصہ بنائے کیونکہ فٹبال ہاوس فٹبالر کی وجہ سے ہے۔ اسکا فائدہ بھی فٹبالر کو ہونا چاہیئے۔ گراس روٹ سطح پر ایونٹ کیا نعقاد سے ملک کی فٹبال کو فروغ حاصل ہوگا۔۔۔۔

سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ سیریز کیلئے میچ آفیشلز پینل کا اعلان

ون ڈے ٹرائی سیریز میں آئی سی سی ایلیٹ پینل میچ ریفری جیف کرو فرائض سرانجام دیں گے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ سیریز کے لیے میچ آفیشلز پینل کا اعلان کر دیا گیا۔ پی سی بی نے انگلینڈ، پاکستان، سری لنکا ون ڈے ٹرائی سیریز کے لیے بھی میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا۔ ون ڈے ٹرائی سیریز میں آئی سی سی ایلیٹ پینل میچ ریفری جیف کرو فرائض سرانجام دیں گے۔ ون ڈے ٹرائی سیریز میں آئی سی سی ایلیٹ پینل امپائر احسن رضا اور شرفدولہ بھی شامل ہیں۔ ون ڈے ٹرائی سیریز کے دیگر امپائرز میں آصف یعقوب، راشد ریاض، فیصل آفریدی اور ناصر حسین بھی شامل ہیں۔ نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے امپائر وین نائٹس بھی ٹرائی سیریز میں امپائرنگ کی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ ون ڈے ٹرائی سیریز کے فائنل میں احسن رضا اور نائٹس آن فیلڈ جبکہ شرفدولہ تھرڈ امپائر ہوں گے شرفدولہ اور نائٹس ٹرائی سیریز میں بالترتیب چار اور تین میچز میں تھرڈ امپائر کی ڈیوٹی بھی سرانجام دیں گیا انگلینڈ سے تعلق رکھنے والے آئی سی سی ایمر جنگ ریفری ڈین کوسکر ٹیسٹ سیریز میں ذمہ داریاں ادا کریں۔ ڈین کوسکر ٹیسٹ کرکٹ میں بطور ریفری راولپنڈی میں ڈیبیو کریں گے۔ آئی سی سی ایلیٹ پینل امپائرز روڈ ٹکر، ایڈرین ہولڈسٹاک اور الاہودین پالیکر ٹیسٹ سیریز میں آن فیلڈ امپائر ہوں گے۔ پالیکر اور ٹکر پہلے اور دوسرے ٹیسٹ میں بالترتیب تھرڈ امپائر کی ذمہ داریاں ادا کریں گے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز میں ریفری علی نقوی میچ ریفری مقرر علی نقوی کا تعلق آئی سی سی انٹرنیشنل پینل میچ ریفریز سے ہے ٹی ٹوئنٹی سیریز میں راشد ریاض، ناصر حسین، فیصل آفریدی بطور آن فیلڈ اور تھرڈ امپائر ڈیوٹی سرانجام دیں گے طارق رشید تینوں ٹی ٹوئنٹی میچز میں فورتھ امپائر ہوں گے۔ پاکستان اور سری لنکا کے مابین ٹی ٹوئنٹی سیریز 9، 11 اور 13 اکتوبر کو راولپنڈی میں ہوگی ون ڈے ٹرائی سیریز 18 سے 31 اکتوبر تک راولپنڈی اور لاہور میں ہوگی پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دو ٹیسٹ 9 سے 21 نومبر تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلے جائیں گے۔۔۔

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے چیئرمین شاہ عالم مارکیٹ بورڈ ممبر ایگزیکٹو کمیٹی لاہور چیمبر سید عظمت علی شاہ ملاقات کرتے ہوئے

جب تک عمران خان نہیں کہیں گے سہیل آفریدی وزیراعلیٰ رہیں گے، جنید اکبر

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے زیادہ قربانیاں خیبر پختونخوا کے عوام اور ہم نے دی ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام ان کا بیانیہ پہلے بھی مسترد کرچکے ہیں اور آئندہ بھی مسترد کریں گے

تحریک انصاف کے لیے تیاری کا لفظ کوئی خاص معنی نہیں رکھتا، ہمارے کارکن 24 گھنٹے میں ہی باہر نکل آتے ہیں، علی امین کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں رہے، انٹرویو

پشاور (بیورو رپورٹ) رہنما تحریک انصاف جنید اکبر نے کہا ہے کہ جب تک عمران خان نہیں کہیں گے، سہیل آفریدی وزیراعلیٰ رہیں گے، تحریک انصاف کے لیے تیاری کا لفظ کوئی خاص معنی نہیں رکھتا، ہمارے کارکن 24 گھنٹے میں ہی باہر نکل آتے ہیں، علی امین گنڈاپور کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں رہے ۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے زیادہ قربانیاں خیبر پختونخوا کے عوام اور ہم نے دی ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام ان کا بیانیہ پہلے بھی مسترد کرچکے ہیں اور آئندہ بھی مسترد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین جتنی مرضی پریس کانفرنسز کرلیں، عوام ان کو دیکھنا نہیں چاہتے، ہماری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر34)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی سے میانمار کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین سیوریج لائنوں کی تنصیب کے بعد سڑکوں کی بحالی میں تاخیر پر برہم

تمام اضلاع میں سڑکوں کی بحالی کا کام تیز اور واضح ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے' بلال یاسین

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی زیر صدارت واسا پنجاب کے ترقیاتی منصوبوں بارے اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین کی زیر صدارت واسا پنجاب کا ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا۔ ڈی جی واسا پنجاب طیب فرید اور 41 اضلاع کے ایم ڈیز نے جاری ترقیاتی منصوبوں اور نکاسی آب کے انتظامات پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے سیوریج اور ڈرینج لائنوں کی تنصیب کے بعد سڑکوں کی بحالی میں تاخیر پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جہاں ڈرینج لائنوں کی تنصیب مکمل ہوچکی ہے وہاں سڑکوں کی فوری بحالی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے باعث شہریوں کو طویل عرصے تک آمدورفت میں مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ بلال یاسین نے تمام اضلاع میں سڑکوں کی بحالی کے کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

سہیل آفریدی کے ہوتے ہوئے نئے وزیراعلیٰ کی دوڑ شروع، پی ٹی آئی گروپس متحرک

ممکنہ تبدیلی کی صورت میں وزارت عالیہ کے لیے ناراض گروپ اپنا امیدوار لانے کیلئے منصوبہ بندی کررہے ہیں

سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور سے وابستہ ارکان بھی متحرک ہوگئے، ناراض ارکان کے گروپ نے ایک اجلاس بھی طلب کیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی موجودگی کے باوجود پاکستان تحریک انصاف کے اندر ممکنہ تبدیلی اور نئے وزیراعلیٰ کے انتخاب کے لیے لابنگ شروع ہوگئی ہے، سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور سمیت پارٹی کے ناراض ارکان کے گروپس بھی متحرک ہوگئے ہیں جبکہ ممکنہ تبدیلی کی صورت میں وزارت عالیہ کے لیے ناراض گروپ اپنا امیدوار لانے کے لیے بھی منصوبہ بندی کررہے ہیں۔ میڈیا رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ اگر کسی وجہ سے سہیل آفریدی کو وزارت عالیہ سے ہٹانے کی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو پی ٹی آئی کے اندر موجود ناراض گروپ اپنے گروپ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

لاہور: سیکرٹری یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس پنجاب فضل الرحمٰن سے دی راوی کپ اے ای ایف ایشین جونیئر ٹینس انڈر 12 چیمپیئن شپ کے موقع پر کھلاڑیوں کا تعارف کروایا جارہا ہے

عمران خان کی تینوں بہنوں کی جیل میں بھوک ہڑتال، بنیادی حقوق کی عدم فراہمی کا الزام

علیمہ خان، نورین خانم اور عظمٰی خان کو اہلخانہ سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جارہی

ہم صورتحال کو پرامن طریقے سے برداشت کررہے ہیں تاہم پنجاب حکومت کا رویہ قابل قبول نہیں' اپوزیشن لیڈر معین قریشی

لاہور (سٹاف رپورٹر) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی تینوں بہنوں نے جیل میں مبینہ طور پر بنیادی حقوق کی عدم فراہمی کے خلاف بھوک ہڑتال شروع کردی، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی معین قریشی نے کہا کہ علیمہ خان، نورین خانم اور عظمٰی خان کو اہلخانہ سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جارہی۔ انہوں نے ایکس پر جاری اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ہم حماد اظہر کی انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں پیشی کے موقع پر موجود تھے جہاں فلک جاوید بھی کوٹ لکھپت جیل سے آئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ عمران خان کی تینوں بہنوں کو جیل میں بنیادی حقوق سے محروم رکھا جارہا ہے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

صاف پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے واٹر سپلائی سسٹم کی بحالی اور اپ گریڈیشن کا منصوبہ تیار

منصوبے کے تحت فیصل آباد شہر میں 10 نئے ٹیوب ویل بھی نصب کیے جائیں گے، نورالامین مینگل

لاہور (وقائع نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت فیصل آباد کے شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے واٹر سپلائی سسٹم کی بحالی اور اپ گریڈیشن کا منصوبہ تیار کرلیا گیا ہے، جس پر تقریباً 2.14 ارب روپے لاگت آئے گی۔ ترجمان محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق جرمنی کی ایجنسی کے ایف ڈبلیو (KfW) کے تعاون سے تیار کیا گیا منصوبہ آج پنجاب ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

ڈی ایس ریلوے انعام اللہ موٹر ٹرالی انسپیکشنز کے دوران سیفٹی سے متعلق ہدایات دے رہے ہیں

پنجاب حکومت کا سی ٹی ڈی میں نیا کاؤنٹر نیریٹو ونگ قائم کرنے کا فیصلہ

120 نئی آسامیوں پر بھرتیوں کی بھی منظوری، مجموعی طور پر 3 ارب روپے سے زائد لاگت آئے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) میں نیا کاؤنٹر نیریٹو ونگ قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ کاؤنٹر نیریٹو اینڈ کاگنیٹو سکیورٹی ونگ کے قیام کی منظوری دے دی گئی ہے جبکہ نئے ونگ کے لیے 120 نئی آسامیوں پر بھرتیوں کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ منصوبے کے تحت پروجیکٹ ڈائریکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور سینئر اینالسٹس کی بھرتی کی جائے گی۔ او ایس آئی این ٹی اور ڈارک ویب اینالسس کے ماہرین بھی نئے ونگ کا حصہ ہوں گے۔ اس کے علاوہ ڈیجیٹل میڈیا مینیجرز، سوشل میڈیا اسٹریٹجسٹس، فیکٹ چیکنگ سپیشلسٹس اور کنٹینٹ رائٹرز بھی بھرتی کیے جائیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

میٹرو بس میں وارداتیں کرنے والا خواتین کا گروہ گرفتار

گرفتار خواتین چوری، گینگ سے متعلق 14 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) اچھرہ پولیس نے میٹرو بس میں خواتین کے پرس اور موبائل فون چوری کرنے والے مبینہ خواتین گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن کے مطابق پولیس نے تینوں خواتین ملزمان کو شمع میٹرو اسٹیشن سے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران حراست میں لیا، گرفتار خواتین ایک مسافر خاتون کا پرس چوری کرنے کے بعد فرار ہورہی تھیں کہ انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان میٹرو بس میں سفر کرنے والی خواتین کے موبائل فونز اور پرس چوری کرنے کی وارداتوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

کشمیر کا منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کی ضمانت ہے، رانا قاسم نون

مقبوضہ کشمیر گزشتہ آٹھ دہائیوں سے بھارتی ظلم و جبر کا شکار ہے، سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ

کشمیر ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے جس کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کے ذریعے ہی ممکن ہے، گفتگو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون نے کہا ہے کہ پاکستانی اور کشمیری یک جان اور دو قالب ہیں پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا۔ سفارتخانہ پاکستان واشنگٹن ڈی سی میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 18ویں اجلاس میں مسئلہ کشمیر پر پاکستان کا مؤقف واضح الفاظ میں عالمی برادری کے سامنے پیش کیا جو قابل تحسین ہے۔ جنرل اسمبلی کے حالیہ اجلاس کے دوران او آئی سی رابطہ گروپ میں شامل رکن ممالک نے بھی مسئلہ کشمیر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

جناح خدمت خلق ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام تقریب تقسیم سامان برائے شادی کے موقع چیف پیٹرن میاں داود افضل، وسیم خالق، رانا محمد یامین، چوہدری ظہیر، ملک رزاق، ملک خلیل احمد، سید عارف حسین شاہ، عرفان الٰہی، طاہر حسین، نثار احمد گل اور دیگر کا گروپ فوٹو

راولپنڈی، 2 بیٹیوں سمیت اغوا کے بعد خاتون کے قتل کے مقدمے میں مزید 4 ملزمان کو نامزد کردیا گیا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی کے ڈھوک جنگ سے 2 بیٹیوں سمیت اغوا کے بعد خاتون کے قتل کے مقدمے میں مزید 4 ملزمان کو نامزد کردیا گیا۔ نامزد ملزمان میں مقتولہ کی ساس، نند اور 2 دیور شامل ہیں، 28 سال کی نبیلہ شاہین کے اغوا اور قتل کے معاملے میں پہلے ہی ایک دیور وسیم شاہ گرفتار ہے۔ خاتون کا خاوند گزشتہ 6 ماہ سے غائب ہے، تاحال کوئی سراغ نہیں ملا، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

بدین، شہریوں کو مالی فائدے کا لالچ دیکر بینک اکاؤنٹس کھلوانے والا گروہ بے نقاب، 3 ملزم گرفتار

بدین (مانیٹرنگ ڈیسک) شہریوں کو مالی فائدے کا لالچ دے کر بینک اکاؤنٹس کھلوانے والا گروہ بے نقاب ہوگیا۔ پولیس کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

سکیورٹی خدشات، کھلی فضاء میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت 30 روز کیلئے پابندی عائد

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت 30 روز کیلئے پابندی عائد کردی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے آؤٹ ڈور استعمال پر پابندی عائد کرنے کا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

عدالت لے جانے کی دھمکیوں سے ڈرنے والا نہیں، مجھے پتہ ہے احسن بھون درخواست کا ایک پیرا ڈرافٹ نہیں کرسکتے' کیپٹن (ر) صفدر

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما کیپٹن (ر) محمد صفدر نے کہا ہے کہ مجھے بیشک عدالت میں لے جانے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

پنجاب میں ستمبر کے دوران ڈینگی کے 57 کیسز رپورٹ، راولپنڈی سرفہرست رہا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں یکم ستمبر 2026ء سے اب تک ڈینگی کے 57 کنفرم کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں سب سے زیادہ کیسز راولپنڈی میں سامنے آئے ہیں۔ اعدادوشمار کے مطابق راولپنڈی میں ڈینگی کے 22 کیسز رپورٹ ہوئے جب کہ لاہور میں ایک ماہ کے دوران 14 افراد (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

ای پی اے کا انسدادِ سموگ سے متعلق سال 2025-26 کا تقابلی ڈیٹا جاری، جرمانوں میں 66 فیصد اضافہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی (ای پی اے) نے انسدادِ سموگ سے متعلق سال 2025-26 کا تقابلی ڈیٹا جاری کردیا۔ اعدادوشمار کے مطابق رواں سال ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں پر 30 کروڑ 51 لاکھ روپے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر68)

پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی اور پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کے درمیان اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی اور پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کے درمیان اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر چیئرپرسن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

ٹریفک قوانین میں سختی کے ثمرات، پنجاب بھر میں جان لیوا ٹریفک حادثات میں 34 فیصد کمی ریکارڈ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بھر میں جان لیوا ٹریفک حادثات میں 34 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ترجمان کے مطابق ٹریفک قوانین میں سختی کے ثمرات سامنے آنے لگے ہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے محفوظ پنجاب کی شاہراہیں پہلے سے زیادہ محفوظ ہوچکی ہیں، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے پنجاب کی سڑکوں پر حادثات میں کمی پر فورس کو شاباش دی ہے۔ ترجمان کے مطابق صوبہ بھر میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

67 ارب روپے کی لاگت سے ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لئے وزیراعظم نیشنل پروگرام کا آغاز

پروگرام کو مرحلہ وار ملک بھر میں وسعت دی جائیگی،، 16 کروڑ 40 لاکھ سے زائد افراد کی اسکریننگ کا ہدف مقرر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے 67 ارب روپے کی لاگت سے ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لیے وزیراعظم نیشنل پروگرام شروع کردیا ہے، جس کے تحت ملک بھر میں بڑے پیمانے پر سکریننگ، تشخیص اور مفت علاج کی سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ بیماری کی بروقت نشاندہی، جگر کے سنگین امراض سے بچا اور عوام پر اس بیماری کے مالی وسماجی بوجھ میں کمی یقینی بنائی جاسکے۔ پروگرام کو مرحلہ وار ملک بھر میں وسعت دی جائے گی۔ پلاننگ کمیشن کے مطابق ہیپاٹائٹس سی ایک خاموش بیماری ہے جو اکثر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

چھوٹے کاروبار اور ہاسنگ کے لیے قرضوں کی حد 50 لاکھ کرنے کی تجویز

مجوزہ ترامیم شراکت داروں کی مشاورت کے لیے جاری کردی گئی ہیں، ایس ای سی پی

کراچی (بیورو رپورٹ) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مائیکرو انٹرپرائزز اور ہاسنگ قرضوں کی حد 50 لاکھ روپے کرنے کی تجویز دیدی۔ ایس ای سی پی کے مطابق مجوزہ ترامیم شراکت داروں کی مشاورت کے لیے جاری کردی گئی ہیں، جن میں مائیکروفنانس قرض کے لیے سالانہ آمدن کی حد 12 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے کرنے کی تجویز شامل ہے۔ اسی طرح چھوٹے کاروباروں کے لیے سالانہ ٹرن اوور کی حد 3 کروڑ روپے سے بڑھا کر 40 کروڑ روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں درمیانے کاروباروں کے لیے سالانہ ٹرن اوور کی حد 40 (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر38)

پنجاب میں پی ٹی آئی کے احتجاجی منصوبہ بندی پر سنجیدہ سوالات اٹھ گئے

ارکان اسمبلی کے پاس کارکنوں کو احتجاج میں لانے کیلئے مطلوبہ مالی وسائل کی عدم دستیابی، گرفتاریوں کا بھی خدشہ ہے' پارٹی ذرائع

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے پنجاب میں احتجاجی منصوبہ بندی کے حوالے سے سنجیدہ سوالات اٹھ گئے اور یہ استفسار کیا جارہا ہے کہ یہاں کے ارکان اسمبلی اور دیگر اہم رہنما احتجاجی سرگرمیوں اور لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کیوں نہیں کرتے۔ پنجاب اسمبلی میں پی ٹی آئی کے 100 سے زیادہ ارکان اسمبلی موجود ہیں تاہم تحریک انصاف کی جانب سے متعدد مرتبہ احتجاج کی کال دیے جانے کے باوجود یہ ارکان صوبے سے بڑی تعداد میں عوام کو احتجاج کے لیے نکالنے میں کامیاب نہیں ہوسکے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق پنجاب سے کارکنوں کے نہ نکلنے کی وجہ بزدلی نہیں بلکہ انتظامی دباؤ ہے۔ حکومت پنجاب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ، جوابی کارروائی میں شوٹر گینگ کا سرغنہ مارا گیا

ہلاک ملزم کی شناخت شاہ سعود کے نام سے ہوئی جس کا تعلق اکوڑہ خٹک سے ہے، سی سی ڈی

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی میں سی سی ڈی کی کارروائی میں شوٹر گینگ کا سرغنہ ہلاک ہوگیا۔ سی سی ڈی حکام کے مطابق اٹک خورد کے علاقے رومیاں لنک روڈ پر سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، سی سی ڈی ٹیم پر خطرناک اجرتی قاتل کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس پر اہلکاروں نے بھی بھرپور جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجے میں شوٹر گینگ کا سرغنہ مارا گیا۔ حکام نے بتایا کہ ہلاک ملزم کی شناخت شاہ سعود کے نام سے ہوئی جس کا تعلق اکوڑہ خٹک سے ہے، شاہ سعود پنجاب اور خیبر پختونخوا میں اجرتی قتل کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ حکام کے مطابق ہلاک ملزم شاہ سعود دوہرے قتل کیس میں گرفتاری کے بعد پولیس حراست سے فرار ہوا تھا۔

مسقط: چیئرمین، پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام، رانا مشہود احمد خان کا عُمان میں پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا جارہا ہے

چیئرمین، پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام، رانا مشہود احمد خان کا عُمان میں پرتپاک استقبال

رانا مشہود احمد خان عمان کے دورے کے دوران اعلیٰ عمانی حکام اور سرکردہ پاکستانی شخصیات سے ملاقاتیں کریں گے

رانا مشہود احمد خان کی عمان آمد پر پاکستانی کمیونٹی نے انہیں خوش آمدید کہا ہے

مسقط (رپورٹ: عامر حمزہ) چیئرمین، پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام، رانا مشہود احمد خان عُمان کے دورے پر مسقط پہنچے تو مسقط انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر عُمان میں سفیرِ پاکستان، سید نوید صفدر بخاری نے ڈپٹی ہیڈ آف مشن، بلال حسن، ممتاز عمانی بزنسمین، میاں محمد ریاض اور معروف سماجی وسیاسی نوجوان شخصیت عامر حمزہ کے ہمراہ ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ رانا مشہود احمد خان عمان کے دورے کے دوران میں پاکستان اور عمان کے درمیان نوجوانوں کی بہبود، تعلیم، کاروبار، سرمایہ کاری اور دوستانہ روابط کے فروغ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

ایل ایل بی ڈگری جعلی قرار دینے کا معاملہ، احسن بھون کا کیپٹن (ر) صفدر کو قانونی نوٹس

الزام بے بنیاد، ہتک آمیز، اگر کوئی مستند ریکارڈ موجود ہے تو اسے پیش کیا جائے، بصورت دیگر مذکورہ بیان واپس لیا جائے

اگر مطالبات پر عمل نہ کیا گیا تو قانونی چارہ جوئی سمیت دستیاب قانونی اقدامات اختیار کیے جاسکتے ہیں' قانون نوٹس کا متن

لاہور (کورٹ رپورٹر) ایڈووکیٹ سپریم کورٹ محمد احسن بھون نے اپنی ایل ایل بی ڈگری کو جعلی قرار دینے کے معاملے پر کیپٹن (ر) محمد صفدر کو قانونی نوٹس جاری کردیا گیا۔ کلام لا فرم کی جانب سے 29 ستمبر 2026ء کو جاری کیے گئے قانونی نوٹس میں کہا گیا ہے کہ محمد احسن بھون کی تعلیمی قابلیت، وکالت کے لیے انرولمنٹ اور پیشہ ورانہ حیثیت سے متعلق لگائے گئے الزامات بے بنیاد، حقائق کے منافی اور ہتک آمیز ہیں۔ قانونی نوٹس کے مطابق محمد احسن بھون نے پنجاب یونیورسٹی سے مارچ 1989ء میں ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی، جو رول نمبر 828 کے تحت جاری کی گئی تھی۔ نوٹس میں پنجاب بار کونسل کے ریکارڈ کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ محمد احسن بھون 19 ستمبر 1989ء کو لوئر کورٹس کے ایڈووکیٹ جبکہ 22 فروری 1992ء کو ہائیکورٹ کے ایڈووکیٹ کے طور پر انرول ہوئے، بعد ازاں 19 جولائی 2003ء کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایڈووکیٹ کے طور پر انرولمنٹ ہوئی۔ نوٹس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

غیر قانونی تعمیرات کے ذریعے مسخ کرنے والے عناصر کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز

نجم ثاقب کا دوٹوک اعلان ہے کہ والڈ سٹی انتظامیہ کا کوئی افسر، اہلکار یا فیلڈ سٹاف اگر غیر قانونی تعمیرات میں ملوث پایا گیا

لاہور (وقائع نگار) ڈی جی والڈ سٹی نجم ثاقب نے اندرون لاہور کے تاریخی ورثے کو غیر قانونی تعمیرات کے ذریعے مسخ کرنے والے عناصر کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز کردیا۔ ڈی جی والڈ سٹی نجم ثاقب کی براہِ راست ہدایات پر شاہ عالم مارکیٹ، اکبری منڈی، موچی گیٹ اور ملحقہ علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بھرپور آپریشن کیا گیا، جس کے دوران متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار کردی گئیں جبکہ مبینہ طور پر ملوث لینڈ مافیا کے خلاف متعلقہ تھانوں میں ایف آئی آرز بھی درج کرادی گئیں۔ ڈی جی والڈ سٹی نجم ثاقب نے غیر قانونی تعمیرات کے معاملے پر زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کرتے ہوئے نہ صرف بیرونی عناصر بلکہ محکمہ کے اندر موجود مبینہ سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائی کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق غیر قانونی تعمیرات میں غفلت، مبینہ ملی بھگت یا فرائض سے چشم پوشی کے الزامات کی زد میں آنے والے متعدد افسران و فیلڈ اہلکاروں کو معطل کرکے ہیڈ آفس رپورٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر60)

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف اسامیوں کے تحریری وحتمی نتائج جاری کردیئے

کامیاب امیدواروں کی فہرستیں پنجاب پبلک سروس کمیشن کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں' ترجمان

محکمہ جیل خانہ جات پنجاب میں جونیئر اکاؤنٹنٹ کی 3 اسامیوں کے لیے 17 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب قرار پائے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے پنجاب حکومت کے پانچ محکموں کی مختلف اسامیوں کے تحریری نتائج جبکہ پانچ محکموں کی مختلف اسامیوں کے حتمی نتائج کا اعلان کردیا۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کے نتائج جاری کردیئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پبلک سروس کمیشن کے مطابق: پنجاب انوائرنمنٹ پروٹیکشن اینڈ کلائمیٹ چینج ڈیپارٹمنٹ میں پرسنل اسسٹنٹ کی ایک آسامی کے لیے 9 امیدوار انگریزی شارٹ ہینڈ ٹیسٹ کے نتیجے میں انگریزی ٹائپنگ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

جنرل ہسپتال کا بڑا ایکشن: ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری اور غفلت پر 4 ملازمین برطرف

تمام ڈیوٹی ملازمین اپنے فرائض کی پابندی کریں، ورنہ سخت قانونی ومحکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی' ایم ایس

تمام ملازمین پر اپنے فرائض کی پابندی لازم ہے، ورنہ سخت قانونی وانتظامی محکمانہ ایکشن ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) جنرل ہسپتال میں ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری اور غفلت پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر فریاد حسین نے سخت انتظامی کارروائی کرتے ہوئے چار ملازمین کو ملازمت سے برطرف کردیا ہے۔ تمام قانونی تقاضے اور پیڈا ایکٹ کے تحت شوکاز نوٹسز کے مراحل مکمل کرنے کے بعد برطرفی کے باضابطہ احکامات جاری کردیے گئے ہیں۔ برطرف ہونے والوں میں عبدالباسط (لیب ٹیکنیشن)، حافظ محمد ابرار الحق (جونیئر ٹیکنیشن)، شہزاد انجم (فارمیسی ٹیکنیشن) اور دانش علی (ریکارڈ کیپر) شامل ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق مذکورہ ملازمین کو اپنے دفاع اور وضاحت کا پورا موقع فراہم کیا گیا تھا اور تمام قانونی ضوابط کی تکمیل کے بعد ہی یہ حتمی محکمانہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اس موقع پر ایم ایس پروفیسر فریاد حسین نے واضح کیا کہ ڈیوٹی میں غفلت، غیر حاضری اور مریضوں کے علاج معالجے میں لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

پاکپتن میں دہشتگردی کا منصوبہ ناکام، کالعدم ٹی ٹی پی کا دہشتگرد گرفتار

ساہیوال (بیورو رپورٹ) سی ٹی ڈی نے 19 ایس پی چوک میں کارروائی کرکے پاکپتن میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنادیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق کالعدم تنظیم ٹی ٹی پی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

سہیل آفریدی کا مزید وزیراعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے، فیصل کنڈی اور امیر مقام کی ملاقات کی اندرونی کہانی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی جس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

ایس پی ہیڈکوارٹرز کا سیشن کورٹ بخشی خانہ، سکیورٹی گاردات کا دورہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) ایس پی ہیڈکوارٹرز محمد خالد سعید نے سیشن کورٹ بخشی خانہ اور مختلف گاردات کا دورہ کیا۔ انہوں نے عدالتوں، بخشی خانے، سکیورٹی گاردات کے سکیورٹی انتظامات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

باجوڑ، عنایت کلے بازار میں فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق

باجوڑ (مانیٹرنگ ڈیسک) باجوڑ کے علاقے عنایت کلے بازار میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں دونوں افراد زخمی ہوئے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر49)

پی ٹی آئی کی کارکردگی سے نالاں خیبر پختونخوا کے شہریوں کا وزیراعلیٰ کی تبدیلی کا مطالبہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے شہری پی ٹی آئی کی کارکردگی سے سخت نالاں ہیں جس پر شہریوں نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو تبدیل کرنے کا مطالبہ شروع کردیا ہے۔ شہریوں نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

ہائی پاورڈ کمیٹی حنا جاوید قتل کیس کی تفتیش کا ازسرنو جائزہ لے گی اور رواں ہفتے راولپنڈی کا دورہ کرے گی

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب حکومت نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر حنا جاوید قتل کیس کی تحقیقات کیلئے ہائی پاورڈ کمیٹی قائم کردی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی کی سربراہی سی سی ڈی کے سربراہ سہیل ظفر چٹھہ کریں گے جبکہ ڈی (باقی صفحہ 7بقیہ نمب53)

یونیورسٹی آف لاہور میں ذہنی صحت اور فلاح وبہبود پر بین الاقوامی ورکشاپ

لاہور (سٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف لاہور میں ذہنی صحت، ذہنی دباؤ سے نمٹنے، موثر ابلاغ، ٹیم ورک اور پیشہ ورانہ و ذاتی زندگی میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

سانده میں بدترین تشدد کے بعد 18 سالہ لڑکی کے قتل کا ڈراپ سین، والد اور بہن سمیت چار ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) سانده میں 18 سالہ لڑکی ماہم کے قتل کا ڈراپ سین ہوگیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مقتولہ کے والد، دو بھائیوں اور بہن سمیت چار ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر61)

شہر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا کریک ڈاؤن، 6 لاکھ سے زائد جرمانے

لاہور (کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنرز، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور پیرا نے لاہور بھر میں گراں فروشی اور مقررہ قیمتوں کی خلاف ورزی کے خلاف کریک ڈاؤن کیا۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر میں 3 ہزار 53 انسپکشنز کی گئیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا
فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

آئینِ پاکستان کو نہ ماننے والوں سے کوئی بات نہیں ہوگی، فیصل کریم

ہمیں پاکستان اور خیبر پختونخوا میں امن لانا ہے، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے چھپ رہے ہیں، جب میدان سجے گا تو پھر بات ہوگی، گفتگو

خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کو کنٹرول کیا جائے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو نہیں چھوڑا جائے گا

خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کو کنٹرول کرنا پی ٹی آئی کے بس کی بات نہیں

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ جو پاکستان کے آئین کو نہیں مانے گا، اس سے کوئی بات نہیں ہوگی، ہمیں پاکستان اور خیبر پختونخوا میں امن لانا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں فیصل کریم کنڈی نے تحریک انصاف کو لانگ مارچ کرنے کا چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ نہیں کرسکتی، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے چھپ رہے ہیں، جب میدان سجے گا تو پھر بات ہوگی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ یہ صرف میڈیا پر بڑھکیں مارتے ہیں، یہ چھپنے کے لیے گرفتاریاں دے رہے ہیں، عوام ان کے ساتھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کو کنٹرول کیا جائے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو نہیں چھوڑا جائے گا، خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کو کنٹرول کرنا پی ٹی آئی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر39)

مری سکول وین کھائی میں جاگری، آگ لگنے سے 11 بچے جل گئے

جھلسنے والے بچوں کو ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی اور ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال مری منتقل کردیا گیا

متاثرہ بچوں میں 8 سالہ ارحم ولد علی نواز تقریباً 38 فیصد جھلسنے سے زخمی ہوا جبکہ 8 سالہ حسن طالب ولد محمد طالب کو تقریباً 26 فیصد جھلسنے کے باعث گہرے زخم آئے ہیں

مری (مانیٹرنگ ڈیسک) مری میں سائن روڈ مسیاڑی کے مقام پر نجی اسکول وین کھائی میں گرنے کے بعد آگ کی لپیٹ میں آگئی، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 11 بچے جھلس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر40)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر پہلا آزمائشی سفر کرتے ہوئے

رواں سال سندھ میں 1 لاکھ 17 ہزار 16 ملیریا کیسز رپورٹ

سندھ میں رواں سال سیریبرل ملیریا کا ایک بھی کیس رپورٹ نہیں ہوا

کراچی (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت سندھ نے اعدادوشمار جاری کردیے ہیں جس میں رواں سال سندھ میں 1 لاکھ 17 ہزار 16 ملیریا کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ سندھ میں رواں سال سیریبرل ملیریا کا ایک بھی کیس رپورٹ نہیں ہوا، حیدرآباد ڈویژن میں ملیریا کے 46 ہزار 183 کیس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر51)

ایل ڈی اے کا کریک ڈاؤن، متعدد غیر قانونی املاک مسمار، 20 املاک سربمہر

غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں' طاہر فاروق

لاہور (وقائع نگار) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران متعدد غیر قانونی املاک مسمار، 20 املاک سربمہر کردیں۔ ترجمان کے مطابق ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹاؤن پلاننگ ونگ متحرک ہے اور غیر قانونی کمرشل عمارتوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

ضمانتی مچلکے ضبط کرنے سے قبل ضامن کو شوکاز دینا لازم ہے' لاہور ہائیکورٹ

دو رکنی بینچ نے احتساب عدالت کا ضمانتی مچلکے ضبط کرنے کا حکم کالعدم قرار دیدیا، تحریری فیصلہ جاری

مچلکے ضبط کرنے سے قبل ضامن کو باقاعدہ شوکاز نوٹس جاری کرکے اس کا جواب سننا ضروری ہے

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ضمانتی مچلکے ضبط کرنے سے متعلق اہم قانونی اصول طے کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ 514 کے تحت ضمانتی رقم ضبط کرنے سے پہلے ضامن کو شوکاز نوٹس جاری کرنا اور وضاحت کا مکمل موقع دینا ضروری ہے۔ چیف جسٹس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

خیبر پختونخوا حکومت گورنر راج لگانے کیلئے تمام درکار عناصر فراہم کرچکی ہے، اختیار ولی

وہ وقت آئے گا کہ صوبائی اسمبلی ٹوٹے گی اور مڈٹرم الیکشن کی طرف جانا ہوگا، معاون وزیراعظم برائے اطلاعات

گورنر راج آئینی مشینری رکنے کی صورت میں لگتا ہے، خیبر پختونخوا میں آئینی مشینری اپنا کام کررہی ہے، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت گورنر راج لگانے کے لیے جتنے عناصر درکار ہوتے ہیں وہ فراہم کرچکی ہے۔ ایک انٹرویو میں اختیار ولی نے کہا کہ وہ وقت آئے گا کہ صوبائی اسمبلی ٹوٹے گی اور مڈٹرم الیکشن کی طرف جانا ہوگا بصورت دیگر آپشن بہت سارے ہیں۔ دوسری جانب تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسفزئی نے کہا کہ گورنر راج (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

لاہور: سی ای او عمران امین صحافی کالونی فیز 2 کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور میں 80 سالہ والدہ کو قتل کرنے والا سفاک بیٹا گرفتار

ملزم کا ابتدائی تفتیش میں جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ کو قتل کرنے کا اعتراف

خواتین کو قتل کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا

لاہور (کرائم رپورٹر) نواب ٹاؤن کے علاقے میں جائیداد کے تنازع پر اپنی 80 سالہ بزرگ والدہ کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ سلمیٰ لطیف کو قتل کیا اور واردات کے بعد موقع سے فرار ہوگیا تھا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے بزرگ خاتون کے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی گرفتاری کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ ایس پی انویسٹی گیشن صدر عبداللہ عمران چیمہ کی سربراہی میں ملزم کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی۔ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ نواب ٹاؤن انسپکٹر محمد قاسم نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے قتل کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم نے ابتدائی تفتیش میں جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ کو قتل کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ ملزم واردات کے بعد فرار ہوگیا تھا تاہم پولیس نے کارروائی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر62)

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے